ترجمانِ زبور

منظوم اُردو ترجمہ

مترجمہ

جسٹس (ریٹائرڈ) ایس اے رحمٰن

ترجمانِ زبُور

منظوم اُردُو ترجمہ

مترجمہ

جسٹس (ریٹائرڈ) ایس۔اے رحمٰن

نیشنل کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات ولادت علامہ محمّد اقبالؒ

اِقبال اکادمی پاکستان

۹۰۔بی۔۲۔گلبرگ ۳ ○ لاہور

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر : ڈاکٹر محمد معز الدین
ڈائرکٹر : اقبال اکادمی پاکستان
۹۰ بی - ۲ گلبرگ نمبر ۳ لاہور

مطبع : رہبر پرنٹنگ پریس لمٹیڈ
باہتمام مرزا محمد صادق
۴ - لیک روڈ لاہور

طبع اول : ۱۹۷۷

تعداد : ۱۱۰۰



علّامہ مُحمّد اِقبالؒ

(۱۸۷۷ — ۱۹۳۸)

۷۸۶

پیش لفظ

۱۹۷۷ء کو ایک سرکاری اعلان کے مطابق علامہ اقبالؒ کا سال قرار دیا گیا ہے ۔ اسی سال نومبر میں علامہ کی پیدائش کو سو سال ہو جائیں گے ۔ حکومت کے پیشِ نظر اقبالؒ کے جشنِ صدی منانے کا ایک دقیع پروگرام ہے ۔ مجوزہ جشنِ صدی کے سلسلہ کی ایک کڑی علامہ کے فارسی کلام کو ، تفہیمِ عوام کی خاطر ، اردو نظم کے قالب میں پیش کرنا ہے ۔ جشنِ صدی کی قومی کمیٹی کی مجلسِ منتظمہ نے فیصلہ کیا ہے کہ اس کام کی ذمہداری جناب فیض احمد فیض ، جناب رفیق خاور اور راقم کو تفویض کی جائے ۔ زرہِ امتثال امر راقم نے ”زبورِ عجم“ کے ترجمہ کا کام اپنے ذمے لیا ۔

"زبورِ عجم" کی اہمیت علامہ ہی کے ایک شعر سے واضح ہوتی ہے - "بال جبریل" کی ایک غزل میں ارشاد ہوا ہے :

اگر ہو ذوق تو خلوت میں پڑھ زبورِ عجم
فغانِ نیم شبی بے نوائے راز نہیں

"ترجمانِ زبور" علامہ کی "زبورِ عجم" کے حصہ اول و حصہ دوم کے ترجمہ پر مشتمل ہے - "گلشنِ رازِ جدید" اور "بندگی نامہ" کا ترجمہ اس میں شامل نہیں ہے - ان دونوں حصوں کا رنگ اور اُن کی فضا پہلے دو حصوں سے الگ ہے -

ترجمہ شعر بہ شعر ہے - اس قسم کے ترجمہ کی راہ میں جو مشکلیں حائل ہیں ، اُن کا مجھے کماحقہ ، احساس ہے - پھر جب کلام علامہ اقبال جیسے نابغہ روزگار کا ہو تو اصل کی ہئیت اور روح کو برقرار رکھنے کا ارادہ حوصلہ طلب ہے - بہر حال جو کچھ

اس مختصر مدت میں ہوسکا ، پیش خدمت ہے ۔ ترجمہ کی کامیابی یا ناکامی کا فیصلہ قارئین کی صوابدید پر ہے ۔

میں محبی صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کا تہہ دل سے سپاس گزار ہوں کہ اُنھوں نے اس کتاب کا مسودہ بالاستیعاب دیکھا اور بعض نہایت مفید مشورے دئے ۔ انھوں نے بکمالِ عنایت پروف خوانی میں بھی مجھ سے شرکت کی ہے ۔ میں ڈاکٹر معزالدین ، ڈائرکٹر اقبال اکادمی پاکستان ، لاہور کا بھی ممنون ہوں جن کا تعاون اشاعتِ کتاب کے تمام مرحلوں میں مجھے حاصل رہا ۔

ایس ۔ اے رحمان

لاہور

۱۲ ستمبر ۱۹۷۷ء

ترجمانِ زبور

ایس ۔ اے رحمٰن

بخوانندهٔ کتابِ زبور

مئے شود پردهٔ چشمم پرِ کاهے گاهے
دیده ام هر دو جهاں را بنگاهے گاهے

وادیٔ عشق بسے دور و دراز است ولے
طے شود جادهٔ صد ساله بآهے گاهے

در طلب کوش و مده دامنِ امید ز دست
دولتے هست که یابی سرِ راهے گاهے

زبور کے قاری سے

آنکھ کا پردہ ہوا مجھ کو پرِکاہ کبھی
آنکھ میری دو جہاں سے ہوئی آگاہ کبھی

عشق کی وادی بہت دور ہے گرچہ لیکن
راہِ صد سالہ ہوئی طے ہے بیک آہ کبھی

رشتہ امید سے قائم رہے ، پیہم ہو طلب
ایک دولت ہے کہ ملتی ہے سرِ راہ کبھی

زبورِ عجم

حصہ اول

ز برونِ در گزشتم ، ز درونِ خانه گفتم!
سخنے نگفتهٔ را چه قلندرانه گفتم!

زبورِ عجم

حصہ اول

دی برونِ در سے میں نے خبرِ درونِ خانہ!
جو کہی نہ تھی کسی نے وہ کہی قلندرانہ!

دعا

یا رب درونِ سینه دلِ با خبر بده
در باده نشّه را نگرم، آن نظر بده

این بنده را که با نفسِ دیگران نزیست
یک آهِ خانه زاد مثالِ سحر بده

سیلم، مرا بجوئ تنک مایهٔ مپیچ!
جولانگهے بوادی و کوه و کمر بده!

سازی اگر حریفِ یمِ بیکران مرا
با اضطرابِ موج، سکونِ گهر بده

شاهینِ من بصیدِ پلنگان گزاشتی!
همت بلند و چنگل ازیں تیز تر بده

رفتم که طائرانِ حرم را کنم شکار
تیرے که نا فگنده فتد کارگر بده

خاکم به نورِ نغمهٔ داؤد بر فروز
هر ذرهٔ مرا پر و بالِ شرر بده

دُعا

یا رب تری جناب سے دل با خبر ملے
جو مے میں نشّہ دیکھ لے، ایسی نظر ملے

اس بندے کو جو غیر کے بل پر نہیں جیا
اک آہِ خانہ زاد مثالِ سحر ملے

الجھا نہ میرے سیل کو اک جوے تنگ میں
میری گزر کو وادی و کوہ و کمر ملے

مجھ کو سمندروں کا کیا ہے اگر حریف
لہروں کو میری بے کلی، تہ کو گہر ملے

چیتوں کو میرے شاہیں کی زد میں جو ہے رکھا
ہمت بلند، چنگل اسے تیز تر ملے

نکلا ہوں طائرانِ حرم کے شکار کو
وہ تیر بن چلے جو رہے کارگر، ملے

روشن ہو میری خاک فروغِ زبور سے
میرے ہر ایک ذرے کو تاب شرر ملے

بسم الله الرحمن الرحيم

۱

عشقِ شور انگیز را هر جاده در کوئے تو بُرد
بر تلاشِ خود چه می نازد که ره سوئے تو بُرد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱

عشق ہر اک راہ سے پابستہ تجھ تک لے گیا
جستجو پر ناز کیا، خود رستہ تجھ تک لے گیا

۲

درونِ سینهٔ ما سوزِ آرزو ز کجا ست؟
سبو ز ما ست ولے باده در سبو ز کجا ست؟

گرفتم ایں که جهان خاک و ما کفِ خاکیم
به ذره ذرهٔ ما دردِ جستجو ز کجا ست؟

نگاهِ ما بگریبانِ کهکشاں افتد
جنونِ ما ز کجا شورِ هائے و هُو ز کجاست؟

۲

کہاں سے سینۂ انساں میں سوزِ آرزو آیا؟
سبو میرا ، کہاں سے بادۂ آئینہ رُو آیا؟
یہ مانا خاک ہے عالم ، مرا تن مشتِ خاکی ہے
کہاں سے میرے ہر ذرے میں دردِ جستجو آیا؟
نظر پڑتی ہے میری کہکشاں کے بھی گریباں پر
کہاں سے یہ جنوں آیا ، یہ شورِ ہائے وُ ہو آیا؟

۳

غزل سرائے و نواهائے رفته باز آور
بایں فسرده دلاں حرفِ دل نواز آور

کنشت و کعبه و بتخانه و کلیسا را
هزار فتنه ازاں چشمِ نیم باز آور

زبادهٔ که بخاکِ من آتشے آمیخت
پیالهٔ بجوانانِ نو نیاز آور!

نئے که دِل ز نوایش بسینه می رقصد
مئے که شیشهٔ جاں را دهد گداز آور

به نیستانِ عجم بادِ صبحدم تیز است
شرارهٔ کـه فـرو می چکد ز سـاز آور

۳

غزل سرا ہو، سرودِ کہن کو دے آواز
سنا فسردہ دلوں کو نوائے قلب نواز

کنشت و کعبہ و بتخانہ و کلیسا پر
ہوں چشم نیم کشادہ سے فتنوں کے در باز

جو میری خاک میں شعلہ فشاں ہے اُس مے سے
دے نونیاز جوانوں کو اک پیالۂ ناز

وہ نے ہو جس کی نوا دل کو رقص میں لائے
وہ مے ہو شیشۂ جاں جس سے پائے سوز و گداز

ہے نیستانِ عجم میں ہوا سحر کی تیز
شرر کہاں ہے کہ ٹپکائے میرا تارِ ساز

۴

اے که زمن فزودهٔ گرمئ آه و ناله را
زنده کن از صدائے من خاکِ هزار ساله را

با دلِ ما چها کنی ! تو که بیادهٔ حیات
مستئ شوق می دهی آب و گِلِ پیاله را

غنچهٔ دل گرفته را از نفسم گره کشائے
تازه کن از نسیم من داغِ درونِ لاله را

می گزرد خیالِ من از مه و مهر و مشتری!
تو به کمیں چه خفتهٔ صید کُن این غزاله را

خواجهٔ من! نگاه دار آبروئے گدائے خویش
آنکه ز جوئے دیگراں پُر نکند پیاله را

۴

مجھ سے ملی ھیں وسعتیں گرمیٔ آہ و نالہ کو
میری صدا سے زندہ کر خاکِ ھزار سالہ کو

گزرے گی اپنے دل پہ کیا تو نے مے حیات سے
مستیِ شوق کی عطا ، آب و گِلِ پیالہ کو

غنچہ کے دل کی ھر گرہ کھول سکے مرا نفس
تازگی دے مری صبا داغِ درونِ لالہ کو

مہر و مہ و ستارہ سے آگے نکل گیا خیال
سویا ھے تو کمین میں کیوں ، قید کر اس غزالہ کو

اے مرے خواجہ ! لاج رکھ اپنے گدائے خاص کی
غیر کی جُو سے پر نہیں جس نے کیا پیالہ کو

۵

از مشتِ غبارِ ما صد ناله بر انگیزی
نزدیک تر از جانی با خوے کم آمیزی!
در موجِ صبا پنهان دزدیده بباغ آئی
در بوے گل آمیزی، با غنچه در آویزی!
مغرب ز تو بیگانه، مشرق همه افسانه
وقت است که در عالم نقشِ دگر انگیزی!
آنکس که بسر دارد سودائے جهانگیری
تسکینِ جنونش کن با نشترِ چنگیزی!
من بندهٔ بے قیدم شاید که گریزم باز
این طرهٔ پیچاں را در گردنم آویزی
جز ناله نمی دانم گوئند غزل خوانم
این چیست که چون شبنم به سینهٔ من ریزی؟

۵

پیہم تنِ خاکی کو کیا تو نے فغاں خیز
نزدیک تر از جاں ہے مگر خُو میں کم آمیز!

پردے میں صبا کے تو چھپا ، باغ میں آیا
خوشبو میں سمایا ہے تو غنچے میں نمو بیز!

مغرب ترا بیگانہ تو مشرق ہے فسانہ
ہے وقت ، بنے نقش کوئی اور دل آویز!

جس سر میں جہانگیری کا سودا کہیں ابھرے
ہو اُس کا مسیحائے جنوں نشترِ چنگیز!

میں بندۂ آزاد ہوں ، پھر ہوں نہ گریزاں
گردن میں حمائل ہو ترا طُرۂ شبدیز

نالہ ہوں سراپا، مجھے سمجھے ہیں غزل خواں
یہ اوس سی کیا ہے مرے سینے پہ گہر ریز؟

٦

من اگرچه تیره خاکم دلکے است برگ و سازم
بنظارهٔ جمالے چو ستاره دیده بازم
به هوائے زخمهٔ تو همه نالهٔ خموشم
تو بایں گماں که شاید ز نوا فتاده سازم
بضمیرم آں چناں کن که ز شعلهٔ نوائے
دلِ خاکیاں فروزم دلِ نوریاں گدازم
تب و تابِ فطرتِ ما ز نیازمندیٔ ما
تو خدائے بے نیازی نرسی بسوز و سازم!
بکسے عیاں نکردم ز کسے نہاں نکردم
غزل آنچناں سرودم که بروں فتاد رازم!

٦

ہوں تیرہ خاک مگر دل ہے برگ و ساز مرا
برائے دید جُوں انجم ہے دیدہ باز مرا

ہوں تیرے زخمہ کی حسرت میں نالۂ خاموش
تجھے گماں کہ نوا سے تہی ہے ساز مرا

وہ سوز دے کہ فروزاں کروں دلِ خاکی
سُنے جو نُوری تو نغمہ ہو دل گداز مرا

نیازمندی سے فطرت مری ہے بے تابی
تو بے نیاز نہ پائے گا سوز و ساز مرا

عیاں کیا نہ نہاں رکھا میں نے غیروں سے
غزل سرائی نے افشا کیا ہے راز مرا!

۷

بصدائے درد مندے بنوائے دلپذیرے
خُمِ زندگی کشادم بجہانِ تشنہ میرے!
تو بروے بے نوائے درِ آں جہاں کشادی
کہ ہنوز آرزویش نہ دمیدہ در ضمیرے!
ز نگاہِ سرمہ سائے بدل و جگر رسیدی
چہ نگاہے سرمہ سائے! دو نشانہ زد بہ تیرے!
بنگاہِ نارسایم چہ بہارِ جلوہ دادی
کہ بباغ و راغ نالم چو تدروِ نو صفیرے
چہ عجب اگر دو سلطاں بہ ولائتے نہ گنجد
عجب ایں کہ می نگنجد بدو عالمے فقیرے!

۷

مری دردمند صدا اٹھی ، مری دلپذیر نوا اٹھی
ہوئے جتنے پیاسے تھے جاں بلب ، انھیں مل گیا خُم زندگی !

میں ہوں بے نوا مگر اے خدا ، وہ دکھایا تو نے مجھے جہاں
ہوئی پیدا جس کی نہ آرزو کسی دل کی خلوتوں میں ابھی !

اٹھی یوں نظر تری سرمہ سا کہ دل وجگر میں اتر گئی
دو شکار ایک ھی تیر سے ، ھے عجب نظر کی فسوں گری !

مری نارسا سی نظر کو بھی وہ بہارِ جلوہ عطا ہوئی
کہ میں اب ہوں گویا تدرو جس کو زباں ملی ہو نئی نئی

نہیں یہ عجب کہ نہ رہ سکیں ایک مملکت میں دو حکمراں
ھے عجب کہ وسعتِ دوجہاں نہ ہو اک فقیر کو مکتفی !

۸

بر سرِ کفر و دین فشان رحمتِ عامِ خویش را
بندِ نقاب برکشا ماهِ تمامِ خویش را

زمزمهٔ کهن سرائ گردشِ باده تیز کن
باز به بزمِ ما نگر، آتشِ جامِ خویش را

دام ز گیسوان بدوش زحمتِ گلستان بری
صید چرا نمی کنی طائرِ بامِ خویش را

ریگِ عراق منتظر، کشتِ حجاز تشنه کام
خرنِ حسین بازده کوفه و شامِ خویش را

دوش براهبر زند، راه یگانه طے کند
می ندهد بدستِ کس عشق زمامِ خویش را

ناله بآستانِ دیر بے خبرانه می زدم
تا بحرم شناختم راه و مقامِ خویش را

قافلهٔ بهار را طائرِ پیش رس نگر
آنکه بخلوتِ قفس گفت پیامِ خویش را

۸

فرق نہ کفر و دیں میں ہو ، اذن دے فضلِ عام کو
زیرِ نقاب اب نہ رکھ ، اپنے مہِ تمام کو

زمزمۂ کہن سنا ، گردشِ بادہ تیز کر
بزم میں آ کے دیکھ پھر آتشِ تیزِ جام کو

شانہ پہ دامِ گیسواں رکھ کے چلا ہے باغ کو
کرتا نہیں شکار کیوں اپنے عقابِ بام کو

ریگِ عراق منتظر ، پیاسی حجاز کی زمیں
خونِ حسین پھر ملے کوفہ و خاکِ شام کو

چھوڑ کے رہنما چلا ، تنہا ہی رہ گرا ہوا
دے گا نہ دستِ غیر میں عشق کبھی زمام کو

بے خبری میں نالہ زن دیر کے آستاں پہ تھا
آ کے حرم میں پا لیا اپنے رہ و مقام کو

قافلۂ بہار کا طائرِ پیش رس ہوں میں
اپنے قفس میں رہ کے ہی نشر کیا پیام کو

۹

نوائے من ازاں پر سوز و بے باک و غم انگیز است
بخاشاکم شرر افتاد و بادِ صبحدم تیز است
ندارد عشق سامانے و لیکن تیشهٔ دارد
خراشد سینهٔ کهسار و پاک از خونِ پرویز است
مرا در دل خلید این نکته از مردِ ادا دانے
ز معشوقاں نگه کاری تر از حرفِ دلاویز است
ببالینم بیا یکدم نشیں کز دردِ مهجوری
تہی پیمانهٔ بزم ترا ، پیمانه لبریز است
به بستاں جلوه دادم آتشِ داغِ جدائی را
نسیمش تیز تر می سازد و شبنم غلط ریز است
اشارتهائے پنهاں خانماں برهم زند لیکن
مرا آں غمزه می باید که بیباک است و خونریز است
نشیمن هر دو را در آب و گِل لیکن چه راز است این
خرد را صحبتِ گِل خوشتر آید ، دل کم آمیز است
مرا بنگر که در هندوستان دیگر نمی بینی
برهمن زادهٔ رمز آشنائے روم و تبریز است

۹

نوا میری ہوئی پرسوز ، بے باک اور غم انگیز
مرے خس میں پڑی چنگاری اور بادِ سحر ہے تیز
نہیں ہے ایک تیشہ کے سوا کچھ عشق کا ساماں
یہ چیرے سینۂ کہسار بے داغِ دم[1] پرویز
مرے دل میں خلش گر ہے یہ نکتہ اک ادا داں کا
نگہ محبوب کی ہے کاری تر از حرفِ دلآویز
مرے بالیں پہ آ اور بیٹھ جا ، دردِ جدائی سے
بس اب ترے ہی پیمانہ کا پیمانہ ہے لبریز
دکھایا جلوہ میں نے آتشِ ہجراں کا گلشن میں
ہوا نے اور بھڑکایا اسے ، شبنم ہوئی کج ریز
یہ مانا خانہ بر انداز ہیں پنہاں اشارے بھی
وہ غمزہ چاہئے مجھ کو جو ہو بے باک اور خونریز
نشیمن دونو آب و گل میں رکھتے ہیں مگر یہ کیا
خرد تو صحبتِ گل سے ہے خوش اور دل ہے کم آمیز
مجھے دیکھو کہ مجھ سا ہند میں کوئی نہ پاؤ گے
برہمن زادہ کو سمجھا گئے کچھ روم اور تبریز

۱ - دم - خون -

۱۰

دل و دیدهٔ که دارم همه لذتِ نظاره
چه گنه اگر تراشم ضمے ز سنگِ خاره
تو به جلوه در نقابی که نگاه بر نتابی
مهِ من ! اگر ننالم تو بگو دگر چه چاره !
چه شود اگر خرامی بسرائے کاروانے
که متاعِ ناروانش دلکے است پاره پاره
غزلے زدم که شاید بنوا قرارم آید
تپِ شعله کم نه گردد ز گسستنِ شراره
دلِ زندهٔ که دادی به حجاب در نسازد
نگهے بده که بیند شررے به سنگِ خاره
همه پارهٔ دلم را ز سرورِ او نصیبے
غمِ خود چساں نهادی بدلِ هزار پاره !
نکشد سفینهٔ کس به یمِ بلند موجے
خطرے که عشق بیند بسلامتِ کناره !
بشکوهِ بے نیازی ز خدایگاں گزشتم
صفتِ مهِ تمامے که گزشت بر ستاره !

۱۰

دل و دیدہ جب سراپا ہوئے لذتِ نظارہ
تو میں کیوں نہ پھر تراشوں کوئی بت زسنگِ خارہ

ترا جلوہ بھی ہے پردہ کہ نظر نہ رخ پہ ٹھہرے
مرے ماہ! نالہ گر ہوں، مرا اور کیا ہے چارہ!

کبھی آہ نکلے تو بھی مری کاروانسرائے میں
میرے پاس جنسِ کاسد ہے دل ایک پارہ پارہ

میں غزل سرا ہوا تھا کہ قرار آئے جی کو
تپِ شعلہ کیسے کم ہو، بہ شکستِ یک شرارہ

دلِ زندہ جب دیا ہے تو حجاب کیوں ہو حائل
وہ نظر ملے کہ دیکھوں میں شرر درونِ خارہ

مرے دل کے ریزے ریزے نے سرورُ آس سے پایا
ترا غم سمایا کیسے بہ دلِ ہزار پارہ

نہ چلا سکیگا کشتی کسی کی میانِ طوفاں
وہ جو خطرہ عشق کو ہے بسلامتِ کنارہ

میں بہ شانِ بے نیازی یوں خدایگاں سے گزرا
چلے جیسے ماہِ کامل پرے چھوڑ کر ستارہ!

۱۱

گرچه شاهینِ خرد بر سرِ پروازے هست
اندریں بادیه پنهاں قدر اندازے هست
آنچه از کارِ فروبسته گره بکشاید
هست و در حوصلهٔ زمزمه پردازے هست
تابِ گفتار اگر هست شناسائے نیست
وائے آں بنده که در سینهٔ او رازے هست!
گرچه صد گونه بصد سوز مرا سوخته اند
اے خوشا لذتِ آں سوز که هم سازے هست
مرده خاکیم و سزاوارِ دلِ زنده شدیم!
ایں دلِ زنده و ما! کارِ خدا سازے هست!
شعلهٔ سینهٔ من خانه فروز است ولے
شعلهٔ هست که هم خانه بر اندازے هست!
تکیه بر عقلِ جهاں بینِ فلاطوں نکنم
در کنارم دلکے شوخ و نظر بازے هست!

۱۱

گرچہ شاہینِ خرد برسرِ پرواز رہا
لیکن اس دشت میں پنہاں قدر انداز رہا!

وہ فسوں، کارِ فروبستہ کی کھولے جو گرہ
خاصۂ حوصلۂ زمزمہ پرداز رہا

تابِ گفتار تو ہے کوئی شناسا ہی نہیں
آہ وہ جس کا نہاں سینے ہی میں راز رہا!

گرچہ سو رنگ میں بخشا گیا ہے سوز مجھے
لذت آس سوز کی جو سوز ہوا، ساز رہا

خاکِ مردہ تھے، سزاوارِ دلِ زندہ ہوئے!
میل دونوں کا عجب کارِ خدا ساز رہا!

خانہ افروز ہے شعلہ مرے سینے میں مگر
اک وہ شعلہ بھی ہے جو خانہ بر انداز رہا!

تکیہ میں نے نہ کیا عقلِ فلاطوں پہ کبھی
دل مرے پہلو میں شوخ اور نظر باز رہا!

۱۲

این جهان چیست؟ صنم خانهٔ پندارِ من است!
جلوهٔ او گروِ دیدهٔ بیدارِ من است!

همه آفاق که گیرم بنگاهے او را
حلقهٔ هست که از گردشِ پرکارِ من است

هستی و نیستی از دیدن و نادیدنِ من
چه زمان و چه مکان، شوخیٔ افکارِ من است!

از فسون کاریٔ دل، سیر و سکون، غیب و حضور!
این که غماز و کشائندهٔ اسرارِ من است

آن جهانے که درو کاشته را می دروند
نور و نارش همه از سجه و زنارِ من است

سازِ تقدیرم و صد نغمهٔ پنهان دارم
هر کجا زخمهٔ اندیشه رسد تارِ من است

اے من از فیضِ تو پاینده! نشانِ تو کجا است؟
این دو گیتی اثرِ ماست جهانِ تو کجا است؟

۱۲

جہاں کیا ہے صنمخانہ ہے میرے ہی خیالوں کا!
مرا ہی دیدۂ بیدار، منبع اُس کے جلووں کا!
جہانِ چار سُو جس پر ہے حاوی اک نگہ میری
یہ حلقہ ہے مرے پرکار کی گردش کے نقطوں کا
جو دیکھوں میں تو ہستی ہے، نہ دیکھوں تو عدم ہر شے
زماں ہو یا مکاں ہو، نقش ہے میری ہی سوچوں کا
حضور و غیب ہو، سیر و سکوں ہو، دل کا جادو ہے
یہ ہے کاشف، یہ ہے غماز، میرے سارے بھیدوں کا
وہ عالم جس میں اپنا بویا، کاٹا جائے گا آخر
ہے نور و نار میں اُس کے اثر میرے طریقوں کا
میں ہوں تقدیر کا وہ ساز جس میں نغمے پنہاں ہیں
جہاں ہو فکر کا زخمہ، وہیں سُر میرے تاروں کا

ہوں تیرے فیض سے پائندہ، مل جائے نشاں تیرا
یہ دو عالم ہمارے ہیں، کہاں ڈھونڈیں جہاں تیرا؟

۱۳

فصلِ بهار ایں چنیں بانگِ هزار ایں چنیں
چهره کشا ، غزل سراء باده بیار ایں چنیں

اشکِ چکیده ام به بیں هم به نگاهِ خود نگر
ریز به نیستانِ من برق و شرار ایں چنیں

بادِ بهار را بگو ، بے بخیالِ من برد
وادی و دشت را دهد نقش و نگار ایں چنیں

زادهٔ باغ و راغ را از نفسم طراوتے
در چمنِ تو زیستم با گُل و خار این چنیں

عالمِ آب و خاک بر محکِ دلم بسائے
روشن و تارِ خویش را گیر عیار ایں چنیں

دل بکسے نباخته با دو جهاں نساخته!
من بحضورِ تو رسم ، روزِ شمار ایں چنیں

فاختهٔ کهن صفیر نالهٔ من شنید و گفت
کس نه سرود در چمن نغمهٔ پار ایں چنیں

۱۳

فصلِ بہار اس طرح ، بانگِ ہزار اس طرح
چہرہ دکھا ، غزل سنا ، مے کو نکھار اس طرح

ٹپکے ہیں اشک جو مرے ، آن پہ تری نگاہ ہو
میرے نیستاں میں گِرا ، برق و شرار اس طرح

بادِ بہار سے کہو ، ہو مری پیروِ خیال
وادی و دشت کو ملے نقش و نگار اس طرح

تازہ مرے نفس سے ہیں زادۂ باغ و راغ سب
تیرے چمن میں میں رہا ، با ُگل و خار اس طرح

دل کو مرے محک بنا ، عالمِ آب و خاک کی
تیرے سیہ سفید کا یہ ہو عیار اس طرح

ہو مرا قلبِ خود نگر ، دونوں جہاں سے بے نیاز
آؤں ترے حضور میں روزِ شمار اس طرح

میری صدا پہ بول اٹھی نغمہ شناس فاختہ
ہم نے سنا نہیں کبھی نغمۂ پار اس طرح

۱۴

برون کشید ز پیچاکِ هست و بود مرا
چه عقده‌ها که مقامِ رضا کشود مرا

تپید عشق و دریں کشتِ نابسامانے
هزار دانه فرو کرد تا درود مرا

ندانم این که نگاهش چه دید در خاکم
نفس نفس بعیارِ زمانه سود مرا

جهانے از خس و خاشاک درمیاں انداخت
شرارهٔ دلکشے داد و آزمود مرا

پیاله گیر ز دستم که رفت کار از دست
کرشمه بازیٔ ساقی ز من ربود مرا!

۱۴

کر دیا ہست و بود کے مخمصوں سے رہا مجھے
عقدوں کا حل سجھا گیا مرتبۂ رضا مجھے

دانے ہزار عشق نے بوئے اس ارضِ زار میں
ہونے لگی درو جو فصل، پایا فقط بپا مجھے

دیکھا نہ جانے آس نے کیا میری ہی مشتِ خاک میں
ہر دم زمانہ کا عیار آس نے بنا لیا مجھے

لا کے جہانِ خار و خس رکھ دیا میرے سامنے
دے کے شرارِ دل کیا حوصلہ آزما مجھے

جام کو میرے ہاتھ سے لے لو کہ یارو میں چلا
ساقیٔ فتنہ کار نے مجھ سے کیا جدا مجھے

۱۵

خیز و بخاکِ تشنهٔ ، بادهٔ زندگی فشان
آتشِ خود بلند کن آتشِ ما فرونشان

میکدهٔ تهی سبو حلقهٔ خود فرامشان
مدرسهٔ بلند بانگ بزمِ فسرده آتشان

فکرِ گره کشا ، غلام ، دیں بروائتے تمام
زانکه درونِ سینه ها دل هدفے است بے نشان

هر دو بمنزلے روان هر دو امیرِ کاروان
عقل بحیله می برد ، عشق برد کشان کشان

عشق ز پا در آورد خیمهٔ شش جهات را
دست دراز می کند تا به طنابِ کهکشان

۱۵

پیاسی ہے خاک، آ اسے بادۂ زندگی پلا
اپنی لگی کو تیز کر، میری لگی کو بھی بجھا

حلقۂ خود فرامشاں خالی سبو پہ مست ہے
ایک فسردہ آگ ہے مدرسہ بازِ خودستا

سینوں میں دل ہے وہ ہدف جس پہ نشاں نہیں کوئی
دیں ہے روایتِ کہن، فکر غلامِ بستہ پا

دونو ہیں میرِ کارواں، منزل مگر جُدا جُدا
عشق کشاں کشاں رواں، عقل بحیلہ رہنما

کر دیا عشق نے نگوں خیمۂ شش جہات کو
دامنِ کہکشاں پہ آج ہاتھ ہے اُس کا پڑ گیا

۱۶

تو بایں گمان که شاید سرِ آستانه دارم
بطوافِ خانه کارے بخدائے خانه دارم

شررِ پریده رنگم، مگذر ز جلوهٔ من
که بتابِ یک دوآنے تبِ جاودانه دارم

نکنم دگر نگاهے به رهے که طے نمودم
بسراغِ صبحِ فردا روشِ زمانه دارم

یم عشق کشتیِ من، یم عشق ساحلِ من
نه غم سفینه دارم، نه سرِ کرانه دارم

شررے فشاں و لیکن شررے که وا نسوزد
که هنوز نو نیازم غم آشیانه دارم!

باُمیدِ این که روزے بشکار خواهی آمد
ز کمندِ شهریاراں رمِ آهوانه دارم

تو اگر کرم نمائی بمعاشراں به بخشم
دو سه جام دلفروزے ز مۓ شبانه دارم

تجھے یہ گماں کہ مجھ کو ہے تلاشِ آستانہ
ہے طواف اس غرض سے کہ ملے خدا ے خانہ

گو میں رنگ اڑا شرر ہوں، مرا جلوہ دیدنی ہے
مری تاب اک دو لحظہ میں تپش ہے جاودانہ

جو گزر چکی وہ منزل نہیں دیکھتا پلٹ کر
میں سراغِ صبحِ فردا میں ہوں پیروِ زمانہ

یم عشق میری کشتی، یم عشق میرا ساحل
نہ غم سفینہ مجھ کو نہ ہے خواہش کرانہ

وہ شرر عطا ہو مجھ کو جو نہ پھونک ڈالے ہر شے
میں ہوں نو نیاز، ابھی ہے مجھے فکرِ آشیانہ!

اس امید پہ کہ اک دن تو پئے شکار آئے
میں کمندِ شہر یاراں سے ہوں رَم میں آہوانہ

ہو کرم، معاصروں کو میں عطا کروں وہ ساغر
جو بچے ہیں پاس میرے پسِ محفلِ شبانہ

۱۷

نظر به راه نشینان سواره می گزرد
مرا بگیر که کارم ز چاره می گزرد

به دیگران چه سخن گسترم ز جلوهٔ دوست
به یک نگاه مثالِ شراره می گزرد

رهے بمنزلِ آن ماه سخت دشوار است
چناں که عشق بدوشِ ستاره می گزرد

ز پرده بندیٔ گردوں چه جائے نومیدی است
که ناوکِ نظرِ ما ز خاره می گزرد

یمے است شبنم ما، کهکشاں کنارهٔ اوست
بیک شکستنِ موج از کناره می‌گزرد

بخلوتش چو رسیدی نظر باُو مکشا
که آں دمے ست که کار از نظاره می‌گزرد

من از فراق چه نالم که از هجومِ سرشک
ز راهِ دیده دلم پاره پاره می‌گزرد

۱۷

نظر میں راہ نشیں ہیں، سوار گزرا ہے
مجھے سنبھال کہ چارے سے کار گزرا ہے

بیاں ہو جلوۂ محبوب کا، تو کیسے ہو
نگاہ کی تو مثالِ شرار گزرا ہے

کٹھن ہے اِس قدر آس ماہ کی رہِ منزل
جو عشق گزرا تو اختر سوار گزرا ہے

فلک کے پردے مجھے ناامید کیسے کریں
کہ میرا تیرِ نظر سِل کے پار گزرا ہے

ہے اپنی اوس سمندر، کنار کہکشاں اس کا
اٹھی جو موج، برونِ کنار گزرا ہے

نصیب آس کی ہوخلوت تو رکھ نظر نیچی
کہ کارِ عشق نظارے کے پار گزرا ہے

فغاں فراق میں کر لوں، پہ کیا کروں دل کا
براہِ دیدہ یہ اب تار تار گزرا ہے

۱۸

بر عقلِ فلک پیما تُرکانه شبیخون به
یک ذرهٔ دردِ دل از علم فلاطون به

دی مُغ بچهٔ با من اسرارِ محبت گفت
اشکے که فرو خوردی از بادهٔ گلگون به

آن فقر که بے تیغے صد کشورِ دل گیرد
از شوکتِ دارا به ، از فرِّ فریدون به

در دیرِ مغاں آئی مضمونِ بلند آور
در خانقهِ صوفی افسانه و افسون به

در جوے روانِ ما ، بے منتِ طوفانے
یک موج اگر خیزد آن موج ز جیحون به

سیلے که تو آوردی درشهر نمی گنجد
این خانه بر اندازے در خلوتِ ها موں به

اقبالِ غزل خواں را کافر نتواں گفتن
سودا بدماغش زد از مدرسه بیروں به

۱۸

فلک رس عقل کو کر بس میں، بے باکانہ شبخوں سے
ہے دردِ دل کا اک ذرہ سوا علم فلاطوں سے

یہ کھولے مجھ پہ اسرارِ محبت مُغ بچے نے کل
جو آنسو پی لیا تُو نے، وہ بہتر جام گلگوں سے

دلوں کے جو کرے تسخیر کشور، فقرِ بے شمشیر
وہ بہتر شوکتِ دارا سے اور فرِّ فریدوں سے

اگر دیرِ مغاں میں آئے، مضموں چاہیے عالی
حضورِ صوفی کیا بہتر فسانے اور افسوں سے

اٹھے اک موج میری جُو میں گر بے منتِ طوفاں
سوا خوبی میں وہ موجِ یگانہ رودِ جیحوں سے

سمائے شہر میں کیسے یہ تیرا سیلِ بے پایاں
بنے گی خانہ برانداز کی تو دشت و ھاموں سے

نہیں اچھا کہ اقبالِ غزل خواں کو کہیں کافر
یہ بہتر ہے رہے ہر مدرسہ دُور ایسے مجنوں سے

۱۹

یا مسلمان را مده فرمان که جان بر کف بنه
یا درین فرسوده پیکر تازه جانے آفریں
یا چناں کن یا چنیں!

یا برهمن را بفرما نوّ خداوندے تراش
یا خود اندر سینهٔ زنّاریاں خلوت گزیں
یا چناں کن یا چنیں!

یا دگر آدم که از ابلیس باشد کمترک
یا دگر ابلیس بهرِ امتحانِ عقل و دیں
یا چناں کن یا چنیں!

یا جهانے تازهٔ یا امتحانے تازهٔ
می کنی تا چند با ما آنچه کردی پیش ازیں
یا چناں کن یا چنیں!

۱۹

یا مسلماں سے نہ فرما جاں ہتھیلی پر رکھے
جانِ تازہ یا ہو اس فرسودہ پیکر کو عطا
فیصلہ کرائے خدا!

برہمن کو حکم دے، تازہ تراشے دیوتا
سینۂ زنّاریاں میں یا خود اپنا گھر بنا
فیصلہ کر اے خدا!

یا نیا آدم کہ جو ابلیس سے کم تر رہے
یا نیا ابلیس عقل و دیں کا ہو ظرف آزما
فیصلہ کر اے خدا!

یا کوئی تازہ جہاں ہو یا نیا ہو امتحاں
کب تک آس کا ہی اعادہ جو ہے پہلے ہو چکا
فیصلہ کر اے خدا!

فقر بخشی ؟ با شکوهِ خسروِ پرویز بخش
یا عطا فرما خرد با فطرتِ روح الامیں
یا چناں کن یا چنیں!

یا بکُش در سینهٔ من آرزوے انقلاب
یا دگرگوں کن نهادِ ایں زمان و ایں زمیں
یا چناں کن یا چنیں!

فقر دے تو ساتھ دے اُس کے شکوہ خسروی
یا خرد اور فطرتِ روح الامیں کر دے عطا
فیصلہ کر اے خدا!

یا بجھا دے میرے دل میں آرزوے انقلاب
یا بدل دے تیری قدرت فطرتِ ارض وسما
فیصلہ کر اے خدا!

۲۰

عقل‌هم عشق‌است واز ذوقِ نگه بیگانه نیست
لیکن این بیچاره را آن جرأتِ رندانه نیست

گرچه می دانم خیالِ منزل ایجادِ من است
در سفر از پا نشستن همتِ مردانه نیست

هرزمان یک تازه جولانگاه می خواهم ازو
تا جنون فرمای من گوید دگر ویرانه نیست

با چنین زورِ جنون پاسِ گریبان داشتم
درجنون از خود نرفتن کارِ هر دیوانه نیست

۲۰

عقل بھی ہے عشق ، بینائی سے بیگانہ نہیں
لیکن اس بیچاری میں جرأت وہ رندانہ نہیں

جانتا ہوں ، ہے آپج میری ، یہ منزل کا خیال
چھوڑنا تھک کے سفر ، اندازِ مردانہ نہیں

ہر نفس اک تازہ جولانگاہ کرتا ہوں طلب
وہ نہ جب تک خود کہے اب کوئی ویرانہ نہیں

اس جنوں میں بھی مجھے پاسِ گریباں ہی رہا
اس طرح کا خود نگر ہر کوئی دیوانہ نہیں

۲۱

سوز و گدازِ زندگی لذتِ جستجوے تو
راه چو مار می گزد گر نروم بسوے تو

سینه کشاده جبرئیل از برِ عاشقاں گزشت
تا شررے باوفتد زآتشِ آرزوے تو

هم بهوائے جلوهٔ پاره کنم حجاب را
هم بنگاهِ نارسا پرده کشم بروے تو

من بتلاشِ تو روم یا بتلاشِ خود روم
عقل و دل و نظر همه گم شدگانِ کوے تو

از چمنِ تو رسته‌ام قطرهٔ شبنمے به بخش
خاطر غنچه وا شود کم نشود ز جوے تو

۲۱

سوز و گدازِ زندگی ، لذتِ جستجو تری
ڈستی ہے راہ گر نہ ہو ، رہ مرے رو برو تری

سینہ کشادہ جبرئیل گزرا قرینِ عاشقاں
تا اُسے بخشے اک شرر آتشِ آرزو تری

جلوے کی آرزو سے میں کرتا ہوں پارہ یہ حجاب
پر یہ نگاہِ نارسا ، خود ہے نقابِ رُو تری

نکلوں تری تلاش میں یا کروں اپنی جستجو
عقل و دل و نظر مرے ہو گئے نذرِ کُو تری

تیرے چمن کا پھول ہوں، قطرہ عطا ہو اوس کا
تن کی کلی کھلے تو کیا ہو گی کم آب جُو تری

۲۲

درین محفل که کارِ او گزشت از باده و ساقی
ندیمے کو که در جامش فرو ریزم مے باقی!

کسے کو زهرِ شیریں می خورد از جام زرّینے
مےِ تلخ از سفالِ من کجا گیرد به تریاقی

شرار از خاکِ من خیزد، کجا ریزم، کرا سوزم
غلط کردی که درجانم فگندی سوزِ مشتاقی

مکدر کرد مغرب چشمه هاے علم و عرفاں را
جہاں را تیره تر سازد چه مشّائی چه اشراقی

دلِ گیتی! انا المسموم، انا المسموم، فریادش
خرد نالاں که ما عندی بتریاق و لا راقی

چه ملاّئی چه درویشی، چه سلطانی، چه دربانی
فروغِ کار می‌جوید بسالوسی و زرّاقی

ببازارے که چشم صیرفی شور است و کم نوراست
نگینم خوار تر گردد چو افزاید به برّاقی

۲۲

نہیں محفل کو کافی اہتمام بادہ و ساقی
کہاں ساتھی کہ جس کے جام میں بھرُدوں مے باقی!

وہ جس نے پی لیا ہو زہر شیریں جام زریں سے
مری تلخِ سفالی سے ہو کیسے اُس کی تریاقی

مرے تن سے شرر اٹھے، کہاں پھینکوں، کسے سونپوں
مری جاں کو دیا کیوں تو نے آخر سوزِ مشتاقی!

مکدّر کر دیے مغرب نے چشمے علم و عرفاں کے
جہاں تاریک تر اس سے ہو مشّائی(۱) کہ اشراقی(۲)

دلِ گیتی ہے فریادی، مجھے اس زہر نے مارا
خرد بولی، نہیں بس میں مرے تریاق اور راقی(۳)

ہو مُلّائی کہ درویشی، ہو سلطانی کہ دربانی
فروغِ کار میں اُس کے فریب و مکر و زرّاقی

جہاں بازار کے ناقد کی آنکھیں زار و کم بیں ہوں
نگیں اتنا ہی میرا خوار، جتنی اُس کی برّاقی

(۱)، (۲) ۔ فلسفہ کے دو دبستان ۔ مشائیت ۔ اشراقیت
(۳) ساحر یا فسوں گر

۲۳

ساقیا بر جگرم شعلهٔ نمناک انداز
دگر آشوبِ قیامت بکفِ خاک انداز

او بیک دانهٔ گندم بزمینم انداخت
تو بیک جُرعهٔ آب آنسوے افلاک انداز

عشق را بادهٔ مرد افگن و پُر زور بده
لاے این باده به پیمانهٔ ادراک انداز

حکمت و فلسفه کرد است گران خیز مرا
خضرِ من! از سرم این بارِ گران پاک انداز

خرد از گرمیِ صهبا بگدازے نرسید
چارهٔ کاربآں غمزهٔ چالاک انداز

بزم در کشمکشِ بیم و امید است هنوز
همه را بے خبر از گردشِ افلاک انداز

می تواں ریخت در آغوشِ خزاں لاله و گل
خیز و بر شاخِ کہن خونِ رگِ تاک انداز

۲۳

پھر جگر پر مرے اک شعلۂ نمناک گرے
ساقی! آشوبِ قیامت بکفِ خاک گرے

آس نے اک دانہ کے بدلے میں زمیں پر پھینکا
دے وہ جرعہ کہ یہ بندہ سرِ افلاک گرے

عشق کو دے مرے مرد افگن و تند و پُر زور
جو بھی تلچھٹ ہو، بہ پیمانۂ ادراک گرے

حکمت و فلسفہ نے مجھ کو گراں خیز کیا
خضرِ من! بار مرے سر سے سرِ خاک گرے

پا سکی عقل نہ کچھ گرمیِ بادہ سے گداز
بجلی بن کر وہ ترا غمزۂ چالاک گرے

بزم میں بیم و رجا کی ہیں ابھی تک گھاتیں
اب نہ اس پر اثرِ گردشِ افلاک گرے

ہو تو سکتے ہیں گل و لالہ خزاں میں پیدا
شاخِ کہنہ پہ اگر خونِ رگِ تاک گرے

۲۴

ازآں آبے که در من لاله کارد ساتگینے ده
کفِ خاکِ مرا ساقی ببادِ فرودینے ده

ز مینائے، که خوردم در فرنگ اندیشه تاریک است
سفر ورزیدهٔ خود را نگاهِ راه بینے ده

چو خس از موجِ هر بادے که می آید ز جا رفتم
دلِ من از گمانها در خروش آمد یقینے ده

بجانم آرزوها بود و نابودِ شرر دارد
شبم را کوکبے از آرزوے دل نشینے ده

بدستم خامهٔ دادی که نقشِ خسروی بندد
رقم کش این چنینم کردهٔ لوحِ جبینے ده

۲۴

آسی صہبا کا ساغر ہو جو دل کو لالہ کاری دے
اڑا لے جائے میری خاک، وہ بادِ بہاری دے

جو پی اقلیم مغرب میں ہوا تاریک فکر اس سے
نگہ دے اپنے راہی کو، سفر سے سازگاری دے

اڑاتا ہے ہر اک جھونکا ہوا کا مثلِ خس مجھ کو
پریشاں ہوں گمانوں سے، یقیں شُبہوں سے عاری دے

شرر صورت تمنائیں مرے دل سے گزرتی ہیں
مری شب کی جو کوکب ہو، تو آس کو پایداری دے

دیا ہے مجھ کو وہ خامہ جو نقشِ خسروی کھینچے
کوئی لوحِ جبیں بھی اب برائے نقش کاری دے

۲۵

ز هر نقشے کہ دل از دیدہ گیرد پاک می آیم
گدائے معنیٔ پاکم تہی ادراک می آیم

گہے رسم و رہِ فرزانگی ذوقِ جنوں بخشد
من از درسِ خرد منداں گریباں چاک می آیم!

گہے پیچد جہاں بر من گہے من بر جہاں پیچم
بگرداں بادہ تا بیروں ازیں پیچاک می آیم

نہ ایں جا چشمکِ ساقی نہ آنجا حرفِ مشتاقی
ز بزمِ صوفی و مُلّا بسے غمناک می آیم

رسد وقتے کہ خاصانِ ترا با من فتد کارے
کہ من صحرائیم پیشِ ملک بے باک می آیم

۲۵

مٹایا نقش جو بھی آنکھ سے دل نے کبھی پایا
گدا ہوں پاک معنی کا، تہی ادراک میں آیا

کبھی ذوق جنوں اہلِ خرد کی دین ہوتا ہے
میں درسِ اہلِ دانش سے گریباں چاک کر لایا

کبھی مجھ سے جہاں لپٹا، جہاں سے میں کبھی لپٹا
میں اس چکر سے نکلوں گا جو بادہ دور میں آیا

نہیں یاں چشمکِ ساقی، نہیں واں حرفِ مشتاقی
مرا غم محفلِ صوفی و مُلاّ نے ہے بھڑکایا

وہ وقت آئے گا، تیرے خاص بندے مجھ کو ڈھونڈیں گے
کہ میں پیشِ ملک بے باک ہوں، صحرا کا ہوں جایا

۲۶

دلِ بے قیدِ من با نورِ ایماں کافری کرده
حرم را سجده آورده بتاں را چاکری کرده

متاعِ طاعتِ خود را ترازوے بر افرازد
ببازارِ قیامت با خدا سوداگری کرده

زمین و آسماں را بر مرادِ خویش می خواهد
غبارِ راه و با تقدیرِ یزداں داوری کرده

گهے با حق درآمیزد ، گهے با حق درآویزد
زمانے حیدری کرده ، زمانے خیبری کرده

بایں بے رنگئ جوهر ازو نیرنگ می ریزد
کلیمے بیں که هم پیغمبری هم ساحری کرده

نگاهش عقلِ دور اندیش را ذوقِ جنوں داده
و لیکن با جنونِ فتنه ساماں نشتری کرده

بخود کے می رسد ایں راه پیمائے تن آسانے
هزاراں سال منزل در مقام آذری کرده!

۲۶

مرا بے قید دل مومن ہے، اس نے کافری کی ہے
حرم میں سجدہ ریزی کی، بتوں کی چاکری کی ہے

متاعِ بندگی لے کر، بپا میزاں کیا اس نے
خدا سے حشر کے بازار میں سوداگری کی ہے

زمین و آسماں ہوں سازگار، اس کی تمنا ہے
غبارِ راہ نے تقدیرِ حق سے داوری کی ہے

کبھی ہے حق سے مل بیٹھا، کبھی حق سے الجھ بیٹھا
اسی نے حیدری کی ہے، اسی نے خیبری کی ہے

یہ ہے بے رنگ جوہر میں، یہ نیرنگی کا خالق ہے
کلیم ایسا، پیمبر ہو کے جس نے ساحری کی ہے

فلک رس عقل کو اس کی نظر ذوقِ جنوں بخشے
جنونِ فتنہ ساماں کی بھی اس نے نشتری کی ہے

یہ تن آساں ہے راہی، کیسے اپنے آپ تک پہنچے
ہزاروں سال تک اس نے مسلسل آذری کی ہے

۲۷

زِ شاعر نالهٔ مستانه در محشر چه می خواهی
تو خود هنگامهٔ، هنگامهٔ دیگر چه می‌خواهی

به بحرِ نغمه کردی آشنا طبعِ روانم را
زچاکِ سینه ام دریا طلب، گوهر چه می خواهی

نمازِ بے حضور از من نمی‌آید، نمی‌آید
دلے آورده ام دیگر ارین کافر چه می خواهی

۲۷

فغاں مستانہ شاعر سے ، سرِ محشر تو کیوں چاہے

تو خود ہنگامہ ہے ، ہنگامۂ دیگر تو کیوں چاہے

مری طبعِ رواں کو بحرِ نغمہ کا کیا محرم

مرے سینہ سے کر دریا طلب ، گوہر تو کیوں چاہے

نمازِ بے حضور اور میں! یہ کیسے ہو، یہ کیسے ہو!

یہ کافر، دل تو لایا ہے ، دگر محضر تو کیوں چاہے

۲۸

نه در اندیشهٔ من کارزارِ کفر و ایمانی
نه در جانِ غم اندوزم، هوایِ باغِ رضوانی

اگر کاوی درونم را خیالِ خویش را یابی
پریشان جلوهٔ چون ماهتاب اندر بیابانی!

۲۸

نہ میرے فکر کے میداں میں جنگِ کفرو ایماں ہے
نہ دل کے غم کدہ میں آرزوے باغِ رضواں ہے

مرا دل جو کریدو گے، خیال اپنا ھی پاؤ گے
پریشاں جلوہ جیسے چاندنی ہے اور بیاباں ہے

۲۹

مرغِ خوش لهجه و شاهینِ شکاری از تست
زندگی را روشِ نوری و ناری از تست

دلِ بیدار و کفِ خاک و تماشای جهان
سیرِ این ماه بشب گونه عماری از تست

همه افکارِ من از تست چه دردل چه بلب
گهر از بحر برآری نه برآری از تست

من همان مشتِ غبارم که بجای نرسد
لاله از تست و نم ابر بهاری از تست

نقش پرداز توئی ما قلم افشا نیم
حاضر آرائی و آینده نگاری از تست

گله ها داشتم از دل بزبانم نرسید
مهر و بے مهری و عیاری و یاری از تست

مرغِ خوش لہجہ و شاہینِ شکاری تیرے
جینے کے ڈھنگ سبھی نوری و ناری تیرے

خاک کا پتلا ، دلِ زندہ ، تماشائے جہاں
سیر اس ماہ کی ، شب رنگ عماری تیرے

تیرے ہیں، دل میں کہ لب پر ہوں، سب افکار مرے
ہوں گہر بحر میں یا بر میں ہوں ساری، تیرے

میں وہی دھول کہ آوارہ رہی راہوں میں
گلِ لالہ و نمِ ابرِ بہاری تیرے

نقش پرداز ہے تو ، ہم قلمِ افشاں ہیں
زینت امروز کی اور فردا نگاری تیرے

دل سے شکوے تھے کئی ، لب پہ نہ آئے لیکن
مہر و بے مہری و عیاری و یاری تیرے

۳۰

خوشتر ز هزار پارسائی
گامے بطریقِ آشنائی

درسینهٔ من دمے بیاسائے
از محنت و کلفتِ خدائی

مارا ز مقامِ ما خبر کن
مائیم کجاؤ تو کجائی؟

آں چشمکِ محرمانه یاد آر
تا کے بتغافل آزمائی

دی ماهِ تمام گفت با من
در ساز بداغِ نارسائی

خوش گفت ولے حرام کردند
در مذهبِ عاشقاں جدائی

پیشِ تو نهاده ام دلِ خویش
شاید که تو ایں گره کشائی!

۳۰

خوب تر ہے ہزار پارسائی سے
اک قدم بھی طریقِ آشنائی سے

میرے سینے میں آکے دم ذرا لے لو
لگی ہیں کلفتیں بہت خدائی سے

ہم کو اپنے مقام کی خبر تو دے
کتنے ہم ہیں پرے تری رسائی سے

پھر وہی تیری محرمانہ چشمک ہو
کام کب تک تغافل آزمائی سے

میرے ماہِ تمام نے کل یہ کہا
ہو نہ دل تنگ داغِ نارسائی سے

بات تو خوب کی ہے مگر ہے حرام
عاشقوں کو مصالحت جدائی سے

میں نے دل کھول کر تجھے دکھایا ہے
حل ہو مشکل، تری گرہ کشائی سے

۳۱

بر جهانِ دلِ من تاختنش را نگرید
کشتن و سوختن و ساختنش را نگرید

روشن از پرتوِ آن ماه دلے نیست که نیست
با هزار آئینه پرداختنش را نگرید

آنکه یکدست برد ملکِ سلیمانے چند
با فقیران دو جهان باختنش را نگرید

آنکه شبخون بدل و دیدهٔ دانایان ریخت
پیشِ ناداں سپر انداختنش را نگرید

۳۱

کرتا دل پر ترکتازی کیسے آیا ، دیکھیے
خود ھی مارا ، خود جَلایا ، خود جِلایا دیکھیے

اس مہِ کامل کا پرتو کون سے دل پر نہیں
ھے ھزار آئینوں میں محوِ تماشا دیکھیے

جس نے سو ملکِ سلیماں سَر کیے اک وار میں
اک گدا کو دوجہاں دے بے تقاضا دیکھیے

مارے شبخوں جس نے داناؤں کی چشم وقلب پر
ایک ناداں سے وہ ھارے، یہ اچنبھا دیکھیے

۳۲

مرا براهِ طلب بار در گل است هنوز
که دل بقافله و رخت و منزل است هنوز

کجاست برقِ نگاهی که خانمان سوزد!
مرا معامله با کشت و حاصل است هنوز

یکی سفینهٔ این خام را بطوفان ده
ز ترسِ موج نگاهم بساحل است هنوز

تپیدن و ترسیدن چه عالمی دارد
خوشا کسی که بدنبالِ محمل است هنوز

کسی که از دو جهان خویش را برون نشناخت
فریب خوردهٔ این نقشِ باطل است هنوز

نگاهِ شوق تسلی بجلوهٔ نشود
کجا برم خلشی را که در دل است هنوز

حضورِ یار حکایت درازتر گردید
چنانکه این همه ناگفته در دل است هنوز

۳۲

ابھی راہِ طلب میں ھے مرا بارِ سفر، گِل میں
کہ اب تک ھے مرا دل قافلہ و رخت و منزل میں

کہاں ھیں وہ نظر کی بجلیاں جو خانماں پھونکیں
مرا سب کام الجھا ھے ابھی تک کشت وحاصل میں

ذرا مجھ خام کی کشتی کو طوفاں آشنا کردے
کہ خوفِ موج سے میری نظر اٹکی ھے ساحل میں

تپش ھو، نارسائی ھو، اسی میں ایک عالم ہے
وھی خوش بخت ہے جو ھو رواں دنبالِ محمل میں

دو عالم سے پرے جس نے نہ اپنے آپ کو جانا
گِھری ہے اُس کی ذات اب تک فریبِ نقشِ باطل میں

نگاہِ شوق کی تسکیں کو اک جلوہ نہیں کافی
خلش کا کیا کروں جو ہے نہاں اب تک مرے دل میں!

حکایت ھو گئی لمبی حضورِ یار کچھ ایسے
کہ جو کہنے کی باتیں تھیں، ھیں نا گفتہ ابھی دل میں!

۳۳

زمستان را سرآمد روزگاران
نواها زنده شد در شاخساران

گلان را رنگ و نم بخشد هواها
که می‌آید ز طرفِ جوئباران

چراغِ لاله اندر دشت و صحرا
شود روشن‌تر از بادِ بهاران

دلم افسرده تر در صحبتِ گل
گریزد این غزال از مرغزاران!

دمے آسوده با درد و غم خویش
دمے نالاں چو جوے کهساران

ز بیم اینکه ذوقش کم نگردد
نگویم حالِ دل با رازداران!

۳۳

زمستاں کا سماں بدلا بہاروں سے
نوائیں جاگ اٹھی ہیں شاخساروں سے

گلوں کو رنگ و نم بخشا ہواؤں نے
جو آئی ہیں لہکتی جوئبہاروں سے

چراغِ لالہ صحرا میں بھڑک اٹھے
نسیم آئی لیے سندیسہ یاروں سے

مرا دل صحبتِ گل میں فسردہ تر
گریزاں ہے یہ آہو مرغزاروں سے

ابھی پہلو میں درد و غم کے آسودہ
ابھی نالاں ہے مل کر آبشاروں سے

مبادا ذوق اس کا ہو نہ جائے کم
چھپایا حالِ دل ہے رازداروں سے

۳۴

هو ای خانه و منزل ندارم
سرِ راهم غریبِ هر دیارم

سحر می گفت خاکستر صبا را
«فسرد از بادِ این صحرا شرارم

گزر نرمک پریشانم مگرداں
ز سوزِ کاروانے یاد گارم»

ز چشمم اشک چوں شبنم فروریخت
که من هم خاکم و در رهگزارم!

بگوشِ من رسید از دل سرودے
که جوے روزگار از چشمه سارم

ازل تاب و تبِ پیشینهٔ من
ابد از ذوق و شوقِ انتظارم

میندیش از کفِ خاکے میندیش
بجانِ تو که من پایاں ندارم!

۳۴

منزل سے کچھ غرض ہے نہ مشتاقِ دار* ہوں
راہی ہوں ہر کہیں میں غریب‌الدیار ہوں

کہتی تھی راکھ باد صبا سے یہ صبح دم
«اس دشت کی ہوا سے فسردہ شرار ہوں

آہستہ کر خرام، پریشاں نہ کر مجھے
اک کارواں کے سوز کی میں یادگار ہوں»

شبنم کی طرح ٹپکے ہیں آنکھوں سے میرے اشک
مشتِ غبار ہوں میں سرِ رہگزار ہوں!

آئی ہے میرے کان میں گاتی صدائے دل
جو اصلِ جُوئے دھر ہے، وہ چشمہ سار ہوں

ماضی میں میری ہی تو تڑپ کا ازل ہے نام
ہے یہ ابد کہ میں سراسر انتظار ہوں

کر مشت خاک کی نہ کوئی فکر زینہار
مجھ کو تری قسم ہے کہ میں بے کنار ہوں!

* دار بمعنی گھر

۳۵

از چشمِ ساقی مستِ شرابم
بے مے خرابم، بے مے خرابم

شوقم فزون تر از بے حجابی
بینم نه بینم در پیچ و تابم

چون رشتهٔ شمع آتش بگیرد
از زخمهٔ من تار ربابم!

از من برون نیست منزلگه من
من بے نصیبم راهے نیابم!

تا آفتابے خیزد ز خاور
مانندِ انجم بستند خوابم!

۳۵

بس اے چشمِ ساقی ھوا میں شرابی
یہ بے مے خرابی ! یہ بے مے خرابی !

جو بے پردہ دیکھا بڑھا شوق میرا
میں دیکھوں نہ دیکھوں ، وھی پیچ[1] وتابی

ہے جُوں رشتۂ شمع ، جل جل اٹھا ہے
مرے زخمہ سے میرا تارِ ربابی !

نہیں مجھ سے باھر کوئی میری منزل
مری بے نصیبی ، نہیں راہ یابی

نہ خورشید نکلیگا خاور سے جب تک
جُوں انجم رھیگی میری بستہ خوابی[2] !

۱- ادنٰی تصرف کے ساتھ
۲- بستہ خوابی بمعنی بے خوابی

۳۶

شبِ من سحر نمودی که به طلعت آفتابی
تو بطلعت آفتابی سزد این که بے حجابی

تو بدردِ من رسیدی بضمیرم آرمیدی
ز نگاهِ من رمیدی بچنیں گراں رکابی

تو عیارِ کم عیاراں تو قرارِ بے قراراں
تو دوائے دل‌فگاراں مگر این که دیریابی

غمِ عشق و لذتِ او اثرِ دو گونه دارد
گهے سوز و دردمندی گهے مستی و خرابی!

ز حکایتِ دلِ من تو بگو که خوب دانی
دلِ من کجا که او را بکنارِ من نیابی!

بجلالِ تو که در دل دگر آرزو ندارم
بجز این دعا که بخشی بکبوتراں عقابی!

مری شب سحر ہے، چمکی تری طلعت آفتابی
ترے رخ پہ مہر طلعت سجی خوب بے حجابی

مرے درد کی دوا تو، مرے دل میں آ بسا تو
یہ چھپا نظر سے کیونکر لیے یہ گراں رکابی

تُو عیارِ کم عیاراں، تُو قرارِ بے قراراں
تُو دوائے دلفگاراں، تو یہ کیسی دیریابی

غم عشق میں ہے لذت مگر اس کے رنگ دو ہیں
کبھی سوز و دردمندی کبھی مستی و خرابی!

تجھے علم ہے، بیاں کر، مرے دل کی خود حکایت
مرے دل کی میرے پہلو میں نہ ہو گی دستیابی

بجلالِ تو کہ دل میں یہی ایک آرزو ہے
کہ ملے کبوتروں کو ترے لطف سے عقابی!

۳۷

دریں میخانه اے ساقی ندارم محرمے دیگر
که من شاید نخستیں آدمم از عالمے دیگر!

دمے ایں پیکرِ فرسوده را سازی کفِ خاکے
فشانی آب و از خاک آتش انگیزی دمے دیگر!

بیار آں دولتِ بیدار و آں جامِ جہاں بیں را
عجم را دادۂ ہنگامۂ بزمِ جمے دیگر

۳۷

نہیں ساقی نشاں اس میکدہ میں ایک محرم کا
کہ میں شاید ہوں پہلا آدمی اک اور عالم کا!

کبھی اس کہنہ پیکر کو تو مشتِ خاک کرتا ہے
کبھی مٹی ہے آتش خیز پا کر رس ترے نم کا!

بہم پھر دولتِ بیدار اور جامِ جہاں بیں ہو
دیا ہے تو نے ہنگامہ عجم کو محفلِ جم کا

۳۸

به جهانِ دردمندان تو بگوچه کارداری؟
تب و تابِ ما شناسی؟ دلِ بی قرار داری؟

چه خبر ترا ز اشکی که فرو چکد ز چشمی
تو به برگِ گل ز شبنم درِ شاهوار داری!

چه بگویمت ز جانی که نفس نفس شمارد
دمِ مستعار داری؟ غمِ روزگار داری؟

۳۸

یہ جہانِ درد منداں نہیں کاروبار تیرا
نہیں تاب و تب کا محرم، دلِ بے قرار تیرا

تجھے کیا خبر کہ کیا ہے جو سرشک بن کے ٹپکا
بنی برگِ گل پہ شبنم دُرِ شاہوار تیرا!

کہوں حال کیا میں جاں کا، ہے نفس شمار ہر دم
دمِ مستعار تیرا؟ غمِ روزگار تیرا؟

۳۹

اگر نظاره از خود رفتگی آرد حجاب اولے
نگیرد با من ایں سودا بہا از بس گراں خواهی

سخن بے پردہ گوبا ما ، شد آں روزِ کم آمیزی
که می گفتند تو ما را چنیں خواهی چناں خواهی

نگاہِ بے ادب زد رخنه ها در چرخِ مینائی
دگر عالم بنا کن گر حجابے درمیاں خواهی

چناں خود را نگه داری که با ایں بے نیازی ها
شہادت بر وجودِ خود ز خونِ دوستاں خواهی !

مقامِ بندگی دیگر ، مقامِ عاشقی دیگر
زنوری سجده می خواهی زخاکی بیش ازاں خواهی !

مسِ خامے که دارم از محبت کیمیا سازم
که فردا چوں رسم پیشِ تو از من ارمغاں خواهی

۳۹

جو بے خود کر دے نظّارا تو جلوہ سے حجاب اچھا
نہیں کرتا میں یہ سودا کہ تو قیمت گراں چاہے

سخن کہہ ہم سے بے پردہ ، گیا دورِ کم آمیزی
جب اوروں سے تھے سنتے ، تُو چنیں چاہے چناں چاہے

نگاہِ بے ادب سے چرخِ مینائی میں رخنے ہیں
نیا عالم بنا گر تو حجاب اک درمیاں چاہے

یہ تیری بے نیازی اور یہ تیری خود نگہداری
شہادت اپنے ہونے کی ، بخونِ دوستاں چاہے!

مقامِ بندگی سے ہے مقامِ عاشقی برتر
تو چاہے سجدہ نوری سے مگر خاکی سے جاں چاہے!

بنالونگا مسِ خام اپنا میں اکسیر الفت سے
کہ شاید مجھ سے تو روزِ قیامت ارمغاں چاہے!

۴۰

نورِ تو وا نمود سپید و سیاه را
دریا و کوه و دشت و در و مهر و ماه را!

تو در هوای آن که نگه آشنائ اوست
من در تلاشِ آن که نتابد نگاه را!

۴۰

کاشف ہے تیرا نور ، سپید و سیاہ کا
دریا و دشت و کوہ و در و مہر و ماہ کا

تو چاہتا ہے جس سے نگاہیں ہوں آشنا
اور میں ، سہے نہ بار جو تابِ نگاہ کا

۴۱

بده آن که دل مستی هایے او از بادۂ خویش است
بگیر این دل که از خود رفته و بیگانه اندیش است

بده آن دل بده آن دل که گیتی را فرا گیرد
بگیر این دل بگیر این دل که در بندِ کم و بیش است

مرا اے صید گیر از ترکشِ تقدیر بیرون کش
جگر دوزی چه می آید ازان تیرے که در کیش است!

نگردد زندگانی خسته از کارِ جهان گیری
جهانے در گره بستم جهانے دیگرے پیش است!

۴۱

وہ دل دے مستیوں میں جس کی جھلکے اپنی ھی صہبا
یہ دل کیا جو ہے بے خود اور فکرِ غیر کا شیدا

ملے وہ دل ، ملے وہ دل ، مستخر جو کرے گیتی
یہ دل لے لے ، یہ دل لے لے ، جو بیش و کم میں ہے الجھا

مجھے صیاد کھینچے ترکشِ تقدیر سے باھر
نہ اترے گا جگر میں تیر ، نہ ترکش سے گر نکلا!

نہیں کارِ جہانگیری سے ھوتی زندگی خستہ
جو کی تسخیر یہ دنیا ، ابھی ہے دوسری دنیا!

۴۲

کفِ خاک برگ و سازم برہے فشانم او را
بامیدِ ایں که روزے بفلک رسانم او را

چه کنم چه چاره گیرم که ز شاخِ علم و دانش
نه دمیده هیچ خارے که بدل نشانم او را

دهد آتشِ جدائی شررِ مرا نمودے
به همان نفس بمیرم که فرونشانم او را

مئے عشق و مستیٔ او نرود برون ز خونم
که دلِ آنچناں ندادم که دگر ستانم او را

تو بلوحِ سادهٔ من همه مدعا نوشتی
دگر آنچناں ادب کن که غلط نخوانم او را

بحضورِ تو اگر کس غزلے ز من سراید
چه شود اگر نوازی به همیں که 'دانم او را'

۴۲

کفِ خاک ہے اثاثہ ، سرِرہ اڑا رہا ہوں
اس امید پر کہ اک دن کہوں میں فلک رسا ہوں

مرا چارہ کیا ہے آخر، سرِ شاخِ علم و دانش
نہ آگا وہ ایک کانٹا جسے دل میں رکھ سکا ہوں

کیا آتشِ جدائی نے مرا شرر آجاگر
کہ جو بجھ گیا تو سمجھو کہ میں مردہ ہو چکا ہوں

مے عشق اور آس کی مستی رہے مرے خوں میں ساری
نہ میں لونگا دل کو واپس کہ میں پیکرِ وفا ہوں

مری لوحِ سادہ پر جو ترا مدعا رقم ہے
دے وہ تربیت ، زباں سے نہ کبھی غلط سرا ہوں

جو ترے حضور کوئی مری اک غزل سنائے
تو کرم ہو تو جو کہہ دے کہ میں اس سے آشنا ہوں

۴۳

ایں دل که مرا دادی لبریزِ یقیں بادا

ایں جامِ جہاں بینم روشن تر ازیں بادا

تلخے که فرو ریزد گردوں بسفالِ من

در کامِ کہن رندے آنہم شکریں بادا

۴۳

دل تو نے دیا اس کو لبریزِ یقیں کر دے

اِس جامِ جہاں بیں کو کچھ اور حسیں کر دے

وہ تلخ جو گردوں نے کاسہ میں مرے بھر دی

رند اپنے کا دل رکھ لے ، اس کو شکریں کر دے

۴۴

رمزِ عشقِ تو به اربابِ هوس نتوان گفت
سخن از تاب و تبِ شعله به خس نتوان گفت

تو مرا ذوقِ بیان دادی و گفتی که بگوے
هست در سینهٔ من آنچه بکس نتوان گفت!

از نهان خانهٔ دل خوش غزلے می خیزد
سرِ شاخے همه گویم به قفس نتوان گفت

شوق اگر زندهٔ جاوید نباشد عجب است
که حدیثِ تو دریں یک دو نفس نتوان گفت!

۴۴

رمز تیرے عشق کی اہلِ ہوس سے کیا کہوں
تابشِ شعلہ کی باتیں، خار و خس سے کیا کہوں

تو نے فرمایا، کہو، دے کر مجھے ذوق بیاں
جو مرے سینے میں ہے نا کس سے، کس سے کیا کہوں

دل کی گہرائی سے اٹھتی ہے طرب افزا غزل
شاخ پر سے کہتا ہوں، کنجِ قفس سے کیا کہوں

یہ عجب تھا، زندۂ جاوید گر ہوتا نہ شوق
بات تیری، عارضی سے اس نفس سے کیا کہوں

۴۵

یادِ ایاّ میکه خوردم باده ها با چنگ و نے
جامِ مے در دستِ من ، مینائے مے در دستِ وے !

در کنار آئی خزانِ ما زند رنگِ بہار
ورنیائی فرو دیں افسرده تر گردد ز دے !

بے تو جانِ من چو آں سازے که تارش در گسست
در حضور از سینهٔ من نغمه خیزد بے به پے

آنچه من در بزمِ شوق آورده ام دانی که چیست
یک چمن گل ، یک نیستاں ناله ، یک خمخانه مے !

زنده کن باز آں محبت را که از نیروئے او
بوریائے ره نشینے درفتد باتختِ کے !

دوستاں خرّم که بر منزل رسید آوارهٔ
من پریشاں جاده هائے علم و دانش کرده طے !

۴۵

یاد ہیں وہ دن کہ پیتا تھا بہ صوتِ چنگ و نے
دوست کے ہاتھوں میں مینا، کف پہ میرے جامِ مَے

تُو ہو پہلو میں تو رنگیں ہو خزاں مثلِ بہار
گر نہ ہو، دے سے فسردہ تر بہاراں کی ہے لَے

میری جاں سازِ شکستہ تار ہے تیرے بغیر
پاس جو تُو ہو، اٹھیں سینہ سے نغمے پے بہ پے

جانتا ہے تو کہ بزمِ شوق میں لایا ہوں کیا؟
اک چمن گل، اک نیستاں نالہ، اک خمخانہ مَے!

زندہ کر پھر وہ محبت جس کی قوت کے طفیل
بوریا اک رہ نشیں کا ہو حریفِ تختِ کے

دوست شاداں ہیں کہ منزل مل گئی آوارہ کو
میں پریشاں، جادہ ہائے علم و دانش کر کے طے!

۴۶

انجم بگریبان ریخت این دیدهٔ تر ما را
بیرون ز سپهر انداخت این ذوقِ نظر ما را

هر چند زمیں سائیم بر تر ز ثریاّ ئیم
دانی که نمی زیبد عمرے چو شرر ما را

شام و سَحرِ عالم از گردشِ ما خیزد
دانی که نمی سازد این شام و سحر ما را

این شیشهٔ گردوں را از باده تہی کردیم
کم کاسه مشو ساقی ! مینائے دگر ما را

شایانِ جنونِ ما پہنائے دو گیتی نیست
عشق ازیں گنبدِ در بسته بروں تاختن است
شیشهٔ ماه زطاقِ فلک انداختن است

سلطنت نقدِ دل و دیں ز کف انداختن است
به یکے داد جهاں برُدن و جاں باختن است

حکمت و فلسفه را همتِ مردے باید
تیغَ اندیشه بروے دو جهاں آختن است

مذهبِ زنده دلاں خواب پریشانے نیست
از همیں خاک جهانِ دگرے ساختن است!

۳۳

زندہ ہے وہ جو اپنی صدف میں ہو درّہ ساز
شعلہ نشین ہو مگر پیکر نہ ہو گداز

عاشق ہے وہ جو گنبدِ بے در کے پار ہو
طاقِ فلک میں مہ سے کرے جا کے ترکتاز

ہے سلطنت کو نقدِ دل و دیں سے دشمنی
آس کا ہے ایک داؤ جہاں گیر، روح باز

لازم ہے فلسفہ کے لئے مرد اک جری
یہ دو جہاں پہ فکر کو کرنا ہے ترک تاز

زندہ دلوں کا خوابِ پریشاں نہیں ہے کیش
دینا ہے یہ تو خاک سے دنیائے نو کو ساز

۳۴

برون زیں گنبدِ در بستہ پیدا کردہ ام راہے
کہ از اندیشہ بر ترمی پرد آہِ سحر گاہے

تو اے شاہیں نشیمن درچمن کردی ازاں ترسم
ہو اے اوببالِ تو دھد پروازِ کوتا ہے!

غبارے گشتۂ؟ آسودہ نتواں زیستن ایں جا
بہ بادِ صجدم در پیچ و منشیں برسرِ راہے

زجوے کہکشاں بگزر، زنیلِ آسماں بگزر
ز منزلِ دل بمیرد گرچہ باشد منزل ما ہے

اگر زاں برقِ بے پروا درونِ او تہی گردد
بچشمم کوہِ سینا می نیرزد با پرِ کاہے

چساں آدابِ محفل را نگہ دارند و می سوزند
مپرس از ما شہیدانِ نگاہِ بر سرِ راہے

پس ازمن شعرِ من خوانند ودریا بند و میگویند
جہانے را دگرگوں کرد یک مردِ خود آگاہے

۳۴

نکل کر گنبدِ در بستہ سے پائی ہے میں نے راہ
کہ برتر فکر سے پرواز میں ہے آہِ صبح گاہ

بسیرا ہے چمن میں تیرا شاہیں، مجھ کو خدشہ ہے
ہوائے باغ کر دیگی تری پرواز کو کوتاہ!

جو تو بن کر غبار آیا، نہیں آسودگی ممکن
الجھ بادِ سحر گہ سے، نہ بیٹھا رہ کنارِ راہ

ہو پار اس کہکشاں کی 'جو سے' نیلے آسمانوں سے
کہ مرگ دل ہے منزل خواہ منزل میں ہو سا کن ماہ

اگر آس برقِ بے پروا سے خالی ہو ضمیر آس کا
نہیں ہے طورِ سینا بھی مرے نزدیک بیش از کاہ

جلے خاموش، پاس ان کو رہا آدابِ محفل کا
یہ گھائل آس نظر کے ہیں جو لہرائی کنارِ راہ

مرے اشعار کے خواننده میرے بعد سمجھیں گے
دگر گوں اک جہاں کو کر گیا اک مردِ خود آگاہ

۳۵

گنهکارِ غیورم مزد بے خدمت نمی گیرم
ازاں داغم که بر تقدیرِ او بستند تقصیرم

ز فیضِ عشق و مستی برده ام اندیشه را آنجا
که از دنباله چشمِ مهرِ عالمتاب می گیرم

من از صبحِ نخستیں نقش بندِ موج و گردابم
چو بحر آسوده می گردد زطوفاں چاره برگیرم

جہاں را پیش ازیں صد بار آتش زیرِ پا کردم
سکون و عافیت را پاک می سوزد بم و زیرم

ازاں پیشِ تباں رقصیدم و زنّار بر بستم
که شیخِ شهر مردِ باخدا گردد ز تکفیرم!

زمانے رم کنند از من زمانے با من آمیزند
دریں صحرا نمی دانند صیادم که نخچیرم

دلِ بے سوز کم گیرد نصیب از صحبتِ مردے
مسِ تابیدۂ آور که گیرد در تو اکسیرم

۳۵

میں غیرت مند عاصی ہوں، نہیں بے مزد خدمت گیر
مجھے دکھ ہے مری تقصیر آس کی بن گئی تقدیر

مرا فکر اس باندی پر ہے فیضِ عشق و مستی سے
پہنچ کر پیچھے، روے مہر سے ہوتا ہوں دیدہ گیر

میں ہوں صبحِ ازل سے موج اور گرداب کا صانع
سمندر جب ہو آسودہ تو طوفاں سے ہوں چارہ گیر

جہاں کو میں نے مضطر کر دیا صد بار، پہلے بھی
سکون و عافیت کو برق ہے یہ میرا بم اور زیر

ہوا پیشِ بتاں رقصاں میں اور زنار بھی باندھا
کہ شیخِ شہر پائے قربِ حق، کر کے مری تکفیر

کبھی کرتے ہیں رم مجھ سے، کبھی ملتے ہیں خود آ کر
ہیں ناداں دشت کے باسی کہ ہوں صیاد یا نخچیر

دلِ بے سوز کو بہرہ ملا کم بزمِ مرداں سے
مسِ تابیدہ لے کر آ، موثر ہو میری اکسیر

۳۶

جہاں کو راست و از آئینۂ دل غافل افتاد است
ولے چشمے کہ بیناشد نگاہش بر دل افتاد است

شبِ تاریک و راہِ پیچ پیچ و بے یقیں راہی
دلیلِ کارواں را مشکل اندر مشکل افتاد است

رقیبِ خام سود امست و عاشق مست و قاصد مست
کہ حرفِ دلبراں دارائے چندیں محمل افتاد است

یقینِ موسٰے دارد گمانِ کافرے دارد
چہ تدبیر اے مسلماناں کہ کارم بادل افتاد است

گہے باشد کہ کارِ ناخدائی می کند طوفاں
کہ از طغیانِ موجے کشتیم بر ساحل افتاد است

۳۶

جہاں ہے بے بصر اور دل کے آئینے سے غافل ہے
یہاں جو آنکھ بینا ہے ، اُسی کے سامنے دل ہے

اندھیری رات ، رہ پُر پیچ ہے اور بے یقیں راہی
نقیبِ کارواں کے واسطے مشکل پہ مشکل ہے

رقیبِ خام سودا مست و عاشق مست و قاصد مست
کہ حرفِ دلبراں مقصودِ گونا گوں کا حامل ہے

یقین مومن کا رکھتا ہے، گماں کافر کا رکھتا ہے
ہو چارہ مومنواب کیا مری مشکل مرا دل ہے

کبھی کرتا ہے کارِ ناخدائی آپ ہی طوفاں
ملا اک موجِ سرکش سے مری کشتی کو ساحل ہے

نمی دانم که داد این چشم بینا موجِ دریا را
گهر درسینهٔ دریا حزف بر ساحل افتاد است

نصیبے نیست از سوزِ درونم مرز و بومم را
زدم اکسیر را بر خاکِ صحرا باطل افتاد است

اگر در دل جهانے تازهٔ داری برون آور
که افرنگ از جراحت هاے پنهاں بسمل افتاد است!

نہ جانے چشمِ بینا پائی کس سے موجِ دریا نے
گُہر دریا کے سینے میں، خزف بر روے ساحل ہے

مرے سوزِ دروں سے کچھ نہ پایا میری بستی نے
مری اکسیر کا مصرف بخاکِ دشت باطل ہے

اگر تازہ جہاں رکھتا ہے دل میں، کر عیاں اُس کو
کہ افرنگ اِن جراحت ہائے پنہاں ہی سے بسمل ہے

۳۷

نه یابی در جهاں یارے که داند دلنوازی را
بخود گم شونگه دار آبروے عشق بازی را

من از کار آفریں داغم که با ایں ذوقِ پیدائی
زما پوشیده دارد شیوه هاے کا سازی را

کسے ایں معنئ نازک نداند جز ایاز ایں جا
که مهرِ غزنوی افزوں کند دردِ ایازی را

من آں علم و فراست با پرِ کاہے نمی گیرم
که از تیغ و سپر بیگانه سازد مردِ غازی را!

بهر نرخے که ایں کالا بگیری سودمند افتد
بزورِ بازوے حیدر بده ادراکِ رازی را

اگر یک قطره خوددارى اگر مشتِ پرے دارى
بیا من با تو آموزم طریقِ شاهبازی را

اگر ایں کار را کارِ نفس دانی چه نادانی!
دمِ شمشیر اندر سینه باید نے نوازی را!

۳۷

کہاں محبوب دنیا میں جو سمجھے دلنوازی کو
خودی میں گم ہو ، رکھ لے آبروے عشق بازی کو

گلہ خالق سے یہ ہے خود نمائی کا وہ رسیا ہے
نہاں رکھتا ہے ہم سے شیوہ ہائے کار سازی کو

فقط جانے ایاز اس کو ز بس نازک ہیں یہ معنی
فزوں کرتی ہے مہرِ غزنوی دردِ ایازی کو

خریدوں میں نہ وہ علم و فراست ایک تنکے میں
جو بے گانہ کرے تیغ و سپر سے مردِ غازی کو

منافع کا ہے سودا جس بھی قیمت پر ملے تجھ کو
عوض میں بازوے حیدر کے دے ادراکِ رازی کو

میسر ہوں تجھے گر قطرۂ خوں اور مشتِ پر
مرے پاس آکے حاصل کر طریقِ شاہبازی کو

تو ناداں ہے اگر اس کام کو کارِ نفس سمجھا
دمِ شمشیر سینے میں ہے لازم نے نوازی کو

۳۸

علمے که تو آموزی مشتاقِ نگاہے نیست
واماندۂ راہے هست ، آوارۂ راہے نیست

آدم که ضمیرِ او نقشِ دو جہاں ریزد
بالذتِ آہے هست ، بے لذتِ آہے نیست !

هر چند که عشق او را آوارۂ راہے کرد
داغے که جگر سوزد در سینۂ ماہے نیست

من چشم نه بردارم از روے نگارینش
آن مستِ تغافل را توفیقِ نگاہے نیست!

اقبالؔ قبا پوشد در کارِ جہاں کوشد
دریاب که درویشی با دلق و کلاہے نیست!

۳۸

وہ علم جو تو نے سیکھا ہے مشتاق نگاہ نہیں ہوتا
واماندۂ راہ تو ہوتا ہے ، آوارۂ راہ نہیں ہوتا

وہ آدم جسکا قلب ہوا ہے نقش طرازِ ہر دو جہاں
ہو لذتِ آہ تو ہوتا ہے ، بے لذتِ آہ نہیں ہوتا !

ہرچند کہ ہے سرگرداں وہ اس عشق کے ہاتھوں راہوں میں
مسکن اک داغِ جگر سوزاں کا سینۂ ماہ نہیں ہوتا

آٹھتی ہی نہیں ہے پل بھر بھی اس روے نگار سے میری نظر
رہتا ہے وہ مستِ تغافل ہی ، مائل بہ نگاہ نہیں ہوتا

اقبال قبا پوشاں[1] بھی رہا اور کارِ جہاں میں کوشاں بھی
لازم درویشی کو خالی یہ دلق و کلاہ نہیں ہوتا

۱ اس ترکیب میں ارادۃً تصرف سے کام لیا گیا ہے

۳۹

چون خورشیدِ سحر پیدا نگاهے می تواں کردن
همیں خاکِ سیه را جاوه گاهے می تواں کردن

نگاهِ خویش را از نوکِ سوزن تیز تر گرداں
چو جوهر در دلِ آئینه راهے می تواں کردن

دریں گلشن که بر مرغِ چمن راهِ فغاں تنگ است
بانداز کشودِ غنچه آهے می تواں کردن

نه ایں عالم حجاب او را نه آں عالم نقاب او را
اگر تابِ نظر داری نگاهے می تواں کردن

''تو در زیرِ درختاں همچو طفلاں آشیاں بینی''
به پرواز آ که صیدِ مهر و ماهے می تواں کردن

۳۹

جو تو چاہے تو خورشیدِ سحر سی ہے نگاہ آساں
اسی خاکِ سیہ سے پیدا کرنا جلوہ گاہ آساں

اگر ہوں نوکِ سوزن سے نگاہیں تیز تر تیری
دلِ آئینہ میں جو ہر صفت پانا ہے راہ آساں

ہے گر راہِ فغاں مرغِ چمن پر تنگ گلشن میں
کشودِ غنچہ کے انداز سے ہے ایک آہ آساں

نہ یہ عالم حجاب اُس کو نہ وہ عالم نقاب اُس کو
جو ہو تابِ نظر تجھ میں تو ہوتی ہے نگاہ آساں

درختوں کے تلے تُو مثلِ طفلاں آشیاں چاہے
سرِ پرواز آ غافل ، ہے صیدِ مہر و ماہ آساں

۴۰

کشیدی باده‌ها در صحبتِ بیگانه پے در پے
بنورِ دیگران افروختی پیمانه پے در پے

ز دستِ ساقیٔ خاور دو جامِ ارغوان در کش
که از خاکِ تو خیزد نالهٔ مستانه پے در پے

دلے کو از تب و تابِ تمنا آشنا گردد
زند بر شعله خود را صورتِ پروانه پے در پے

ز اشک صبحگاهی زندگی را برگ و ساز آور
شود کشتِ تو ویران گر نه ریزی دانه پے در پے

بگرداں جام و از هنگامهٔ افرنگ کمتر گو
هزاراں کارواں بگزشت ازیں ویرانه پے در پے!

۴۰

تو مے آشام ہے در صحبتِ بیگانہ پے در پے
فروزاں نورِ غیراں سے کیا پیمانہ پے در پے

دو جامِ ارغواں لے ساقیٔ خاور کے ہاتھوں سے
تری مٹّی سے اٹھے نالۂ مستانہ پے در پے

تب و تاب تمنا سے شناسائی ہو جس دل کو
ہے گرتا شعلہ پر خود صورتِ پروانہ پے در پے

کراشک صبحگاہی سے تو ساماں زندگانی کا
تری کھیتی ہو ویراں گر نہ ڈالے دانہ پے در پے

نہ کر ہنگامۂ مغرب کا ذکر، اب جام گرداں کر
ہزاروں کارواں دیکھے ہے یہ ویرانہ پے در پے!

۴۱

عشق اندر جستجو افتاد و آدم حاصل است
جلوهٔ او آشکار از پردهٔ آب و گل است

آفتاب و ماه و انجم می توان دادن ز دست
در بهای آن کفِ خاکے که دارائے دل است

۴۱

رہا ہے جستجو میں عشق ، انساں اُس کا حاصل ہے
ہے جلوہ آشکار اُس کا کہ زیرِ پردۂ گل ہے

جو سورج چاند تارے دے کے ہاتھ آئے تو ارزاں ہے
وہ مشتِ خاک جس میں ایک جیتا جاگتا دل ہے

۴۲

بیا که خاوریان نقشِ تازهٔ بستند
دگر مر و بطوافِ بتے که بشکستند

چه جلوه ایست که دلها بلذّتِ نگهے
ز خاکِ راه مثالِ شراره برجستند!

کجاست منزلِ تورانیانِ شهر آشوب
که سینه هاے خود از تیزیٔ نفس خستند

توهم بذوقِ خودی رس که صاحبانِ طریق
بریده از همه عالم بخویش پیوستند

بچشمِ مرده دلاں کائنات ز ندانے است
دو جامِ باده کشیدند و از جهاں رستند

غلامِ همتِ بیدارِ آں سوارانم
ستاره را بسناں سفته در گره بستند

فرشته را دگر آں فرصتِ سجود کجاست
که نوریاں بتماشاے خاکیاں مستند!

۴۲

ادھر آ ، اہلِ خاور نے کیا ہے نقشِ نو پیدا
شکستہ ہو چکا جو بت ، نہ کر اب تو طواف اُس کا

وہ کیا جلوہ ہے جس کی اک جھلک پانے کو لپکے ہیں
روش کی خاک سے مشتاق دل اٹھ کر شرر آسا

نہ جانے اب ہیں کس منزل میں شہر آشوب تورانی
نفس کی تیزیوں سے جن کے سینوں میں لگا چرکا

خودی کا ذوق پیدا کر ، طریقت کے جیالوں نے
سدا دنیا سے توڑا اور جوڑا خود سے ہے ناتا

جو مردہ دل ہیں دنیا کو وہ اک زنداں سمجھتے ہیں
چڑھائے جام دو اور پا گئے دنیا سے چھٹکارا

میں بندہ ہمتِ بیدار کا ہوں اُن سواروں کی
ستاروں کو سنانوں میں پرو کر جو کریں یکجا

کہاں فرصت فرشتے کو کہ پھر مشغولِ سجدہ ہو
نظر خاکی پہ ہے ، نوری ہوا ہے مستِ نظارا!

۴۳

عشق را نازم که بودش را غم نا بود نے
کفرِ او زنّار دارِ حاضر و موجود نے

عشق اگر فرماں دهد از جانِ شیریں هم گزر
عشق محبوب است و مقصود است و جاں مقصود نے!

کافری راپخته تر سازد شکستِ سومنات
گرمئی بتخانه بے هنگامهٔ محمود نے

مسجد و میخانه و دیر و کلیسا و کنشت
صدفسوں از بهر دل بستند و دل خوشنود نے

نغمه پردازی ز جوے کوهسار آموختم
در گلستاں بوده ام یک ناله درد آلود نے

پیش من آئی ؟ دمِ سردے دلِ گرمے بیار
جنبش اندر تست اندر نغمهٔ داؤد نے

عیبِ من کم جوے و از جامم عیارِ خویش گیر
لذتِ تلخابِ من بے جانِ غم فرسود نے

۴۳

عشق نازاں ہے کہ اس کو غمِ نابود نہیں
کافری عشق کی زنّاریٔ موجود نہیں

عشق اگر کہہ دے تو کر جان کو بھی اپنی نثار
عشق مقصود ہے یہ جان تو مقصود نہیں !

سو منات، آجڑے تو یہ کافری پختہ تر ہے
گرمئی بتکدہ بے شورشِ محمود نہیں

مسجد و میکدہ و دیر و کلیسا و کنشت
سو جتن دل کے لیے دل ہے کہ خوشنود نہیں

جوے کہسار سے لی میں نے یہ نغمہ ریزی
ایک فریاد بھی گلشن میں غم آلود نہیں

میری مجلس میں دمِ سرد ، دلِ گرم کو لا
تو ہی خود جنبش ہے یہ نغمۂ داود نہیں

عیب مت گن تو بنا جام مرا اپنا عیار
میرا تلخاب بجز جانِ غم آلود نہیں

۴۴

بر دلِ بے تابِ من ساقی مئے نابے زند
کیمیا ساز است و اکسیرے به سیمابے زند

من نه دانم نور یا نار است اندر سینه ام
این قدر دانم بیاضِ او به مهتابے زند

بر دلِ من فطرتِ خاموش می آرد ، هجوم
ساز از ذوقِ نوا خود را بمضرابے زند

غم مخور ناداں که گردوں در بیابانِ کم آب
چشمه ها دارد که شبخونے به سیلابے زند!

اے که نوشم خوردهٔ از تیزیٔ نیشم مرنج
نیش هم باید که آدم را رگِ خوابے زند

۴۴

ڈالی ساقی نے مئے خالص دلِ بے تاب پر
کیمیا گر ڈالتا اکسیر ہے سیماب پر

کیا خبر سینے میں میرے نور ہے یا نار ہے
اس کی بے داغی ہے چشمک زن ہوئی مہتاب پر

میرے دل پر فطرتِ خاموش کرتی ہے ہجوم
ساز خود ذوقِ نوا سے گر گیا مضراب پر

غم نہ کر ناداں، فلک کے فیض سے دشتِ کم آب
رکھتا ہے چشمے جو شبخوں کر سکیں سیلاب پر

نوش خوارو، شکوہ کیسا میرے نیشِ تیز کا
نیش ہے درکار آدم کے وریدِ خواب پر

۴۵

فروغِ خاکیاں از نو ریاں افزوں شود روزے!
زمیں از کوکبِ تقدیرِ ما گردوں شود روزے!

خیالِ ما که او را پرورش دادند طوفانها
ز گردابِ سپهرِ نیلگوں بیروں شود روزے

یکی در معنئی آدم نگر! از من چه می پرسی
هنوز اندر طبعیت می خلد موزوں شود روزے

چناں موزوں شود ایں پیش پا افتاد مضمونے
که یزداں را دل از تاثیر او پُر خوں شود روزے

۴۵

تاب خاکی ہوگی نوری سے بھی افزوں ایک دن!
کوکبِ آدم سے ہوگی ارض، گردوں ایک دن!

پالا طوفانوں نے جس کو، وہ خیال انسان کا
ہو گا گردابِ یم گردوں سے بیروں ایک دن

دیکھ آدم کی حقیقت، پوچھتا ہے مجھ سے کیا
کَھلتا ہے فطرت کو اب تک، ہو گا موزوں ایک دن

موزوں ہو جائیگا یہ فرسودہ مضموں اس طرح
ہو گا اس کے کیف سے یزداں کا دل خوں ایک دن

۴۶

ز رسم و راهِ شریعت نکرده ام تحقیق
جز اینکه منکرِ عشق است کافر و زندیق!

مقامِ آدمِ خاکی نهاد دریا بند
مسافرانِ حرم را خدا دهد توفیق

من از طریق نه پُرسم، رفیق می جویم
که گفته اند نخستین رفیق و باز طریق

کند تلافئی ذوق آن چناں حکیمِ فرنگ
فروغِ باده فزون تر کند بجامِ عقیق

هزار بار نکو تر متاعِ بے بصری
ز دانشے که دل او را نمی کند تصدیق

۴۶

جو رسم و راہ شریعت کی میں نے کی تحقیق
کھلا کہ عشق کا منکر ہے کافر و زندیق!

مقامِ آدمِ خاکی نہاد تک ہوں رسا
مسافرانِ حرم کو خدا دے یہ توفیق

نہیں طریق کا طالب، رفیق کی ہے طلب
کہا گیا ہے کہ اول رفیق و بعد طریق

تلافی ذوق کی کرتا ہے یوں حکیمِ فرنگ
فروغِ بادہ بڑھاتا ہے دے کے جامِ عقیق

ہزار بار ہے بہتر متاعِ بے بصری
اس علم سے کہ نہ دل جس کی کر سکے تصدیق

به پیچ و تابِ خرد گرچه لذتِ دگر است
یقینِ ساده دلاں به ز نکته هاے دقیق

کلام و فلسفه از لوحِ دل فروشستم
ضمیرِ خویش کشادم به نشترِ تحقیق

ز آستانهٔ سلطاں کناره می گیرم
نه کافرم که پرستم خدائے بے توفیق!

گو پیچ و تاب خرد میں بھی ہے سرور بہت
یقینِ سادہ دلاں برتر از نکاتِ دقیق

کلام و فلسفہ سے لوحِ دل کو پاک کیا
ہوا ضمیر کشا میرا نشترِ تحقیق

میں آستانۂ سلطاں سے دور دور رہا
یہ کافری ہے کہ پوجوں خدائے بے توفیق!

۴۷

از همه کس کناره گیر صحبتِ آشنا طلب
هم ز خدا خودی طلب هم زخودی خدا طلب

از خلشِ کرشمهٔ کار نمی شود تمام
عقل و دل و نگاه را جلوه جدا جدا طلب

عشق بسر کشیدن است شیشهٔ کائنات را
جامِ جهان نما مجو دستِ جهان کشا طلب

راه روان برهنه پا راه تمام خارزار
تا به مقامِ خود رسی راحله از رضا طلب!

چون به کمال می‌رسد فقر دلیلِ خسروی است
مسندِ کیقباد را در تهِ بوریا طلب

پیش نگر که زندگی راه بعالمے برد
از سرِ آنچه بود و رفت در گزر، انتہا طلب

ضربت روزگار اگر ناله چو نے دهد ترا
بادهٔ من ز کف بنه، چاره ز مومیا طلب

۴۷

ہو کے الگ جہان سے کر صحبتِ آشنا طلب
بزداں سے کر خودی طلب اور ہو خودی خدا طلب

ایک کرشمہ سے فقط ہو گا نہ کامیاب تو
عقل و دل و نظر کے ہوں جلوے جدا جدا طلب

شیشۂ کائنات میں قطرہ نہ چھوڑنا ہے عشق
جامِ جہاں نگر کو تج، دستِ جہاں کشا طلب

راہی برہنہ پا ہیں سب، راہ تمام خار زار
منزل کی ہے لگن تو کر راحلۂ رضا طلب!

پہنچا کمال تک تو ہے فقر دلیلِ خسروی
مسندِ کیقباد کو کر تہِ بوریا طلب

آگے کو دیکھ، زندگی اور جہاں کا ہے نشاں
چھوڑ، جو تھا اور اب نہیں؛ حق سے کر انتہا طلب

زخمۂ روزگار دے نالہ جوں نئے تجھے اگر
رکھ دے مرا پیالہ، کر چارۂ مومیا طلب

۴۸

بینی جهان را ، خود را نه بینی
تا چند نادان غافل نشینی؟

نورِ قدیمی شب را بر افروز
دستِ کلیمی در آستینی!

بیرون قدم نه از دورِ آفاق
تو پیش ازینی تو بیش از ازینی!

از مرگ ترسی اے زنده جاوید؟
مرگ است صیدے تو در کمینی

جا نے که بخشند دیگر نگیرند
آدم بمیرد از بے یقینی

صورت گری را از من بیا موز
شاید که خود را باز آفرینی!

۴۸

جہاں بیں ہے لیکن تو خود بیں نہیں ہے
تو ناداں ہے مدت سے غفلت نشیں ہے

تو نورِ ازل ہے ، شب افروز ہوجا
یدِ بیضا رکھتی تری آستیں ہے!

نکل دورِ آفاق کے چکروں سے
تو پہلے ہے اس سے ، بڑا بھی کہیں ہے!

نہ خائف ہو مرنے سے تو جاوداں ہے
ترا صید ہے مرگ ، تو در کمیں ہے

عطا کر دیں جب جاں نہیں لیتے واپس
وہ بے جان انساں ہے جو بے یقیں ہے

یہ صورت گری فن ہے ، آ سیکھ مجھ سے
کہ شاید تو خود اپنا باز آفریں ہے

۴۹

من ، هیچ نمی ترسم از حادثهٔ شب‌ها
شب‌ها که سحر گردد از گردشِ کوکب ها!

نشناخت مقامِ خویشِ، افتاد بدامِ خویش!
عشقی که نمودی‌خواست‌از شورشِ یارب ها!

آهی که ز دل خیزد از بهرِ جگر سوزی است
در سینه شکن او را آلوده مکن لب ها

در میکده باقی نیست از ساقئی فطرت خواه
آن مے که نمی گنجد در شیشهٔ مشرب ها

آسوده نمی گردد آن دل که گسست ازدوست
با قرأتِ مسجد ها بادانشِ مکتب ها!

۴۹

ڈروں اس حادثہ سے کیوں ، بپا ہوتا ہے جو شب سے
سحر ہو جاتی ہے ہر شب ، فقط دورانِ کوکب سے

وہ جانے کیا مقام اپنا ، ہے گھیرے اُس کو دام اپنا
نمود اپنی جو چاہے عشق ہر دم وردِ یا رب سے

جو دل سے آہ اٹھتی ہے ، جگر سوزی کی خاطر ہے
رہے سینہ کے اندر ہی ، نہ ابھرے وہ کبھی لب سے

نہیں میخانہ میں باقی ، تجھے دے ساقئی فطرت
وہ بادہ جو اچھل جائے ہر اک مینائے مشرب سے

جدا ہو کر نگاراں سے دل آسودہ نہیں ہوتا
قرأت مسجدوں سے ہو کہ دانش لائیں مکتب سے!

۵۰

تو کیستی؟ ز کجائی؟ که آسمانِ کبود
هزار چشم براهِ تو از ستاره کشود!

چه گوئمت که چه بودی چه کردهٔ چه شدی
که خون کند جگرم را ایازیٔ محمود!

تو آن نهٔ که مصلّائے ز کهکشاں میکرد
شرابِ صوفی و شاعر ترا ز خویش ربود

فرنگ اگر چه ز افکارِ تو گره بکشاد
بجرعهٔ دگرے نشهٔ ترا افزود

سخن ز نامه و میزاں دراز تر گفتی
بحیرتم که نه بینی قیامتِ موجود

خوشا کسے که حرم را درونِ سینه شناخت
دمے تپید و گزشت از مقامِ گفت و شنود

ازاں بمکتب و میخانه اعتبارم نیست
که سجدهٔ نبرم بر درِ جبیں فرسود!

۵۰

کہاں سے ، کون ہے تُو ، جانتا ہے چرخِ کبود
ہوئی ہے دیدۂ انجم کی تیری رہ پہ کشود!

تو کیا سے کیا ہوا ، کیسے ہوا ، کہوں میں کیا
جگر مرا ہوا خوں ، اب ایاز ہے محمود!

تھا وہ بھی وقت ، مصلیٰ تھا کہکشاں تیرا
شرابِ صوفی و شاعر نے لوٹا تیرا وجود

گرہ کشا ترے افکار کا فرنگ ہوا
پھر ایک جرعہ سے گزرا تو مستیوں کے حدود

کیا ہے نامہ و میزاں کا تو نے ذکر طویل
تری نظر میں نہیں کیوں قیامتِ موجود

خوشا وہ جس نے حرم اپنے سینے میں پایا
تڑپ کے کر گیا طے وہ مقامِ گفت و شنود

بھروسہ مکتب و میخانہ پر نہیں ہے مجھے
نہیں ہے سجدہ کو شایاں درِ جبیں فرسود!

۵۱

دیارِ شوق که درد آشناست خاک آنجا
بذرّه ذرّه تواں دید جانِ پاک آنجا

مئے مغانه ز مغ زادگاں نمی گیرند
نگاه می شکند شیشه هاے تاک آنجا!

به ضبطِ جوشِ جنوں کوش در مقامِ نیاز
بهوش باش و مرو با قباے چاک آنجا!

۵۱

دیارِ شوق کہ درد آشنا ہے خاک وہاں
ہر ایک ذرہ میں ظاہر ہے جانِ پاک وہاں

مئے مغاں نہیں لیتے ہیں مغ بچوں سے کبھی
نظر سے ٹوٹتے ہیں شیشہ ہائے تاک وہاں!

نیاز کا ہے تقاضا ، ہو ضبط جوشِ جنوں
سنبھال ہوش ، نہ لے جا قبائے چاک وہاں!

۵۲

مئے دیرینه و معشوق جواں چیزے نیست
پیشِ صاحب نظراں حور و جناں چیزے نیست

هر چه از محکم و پاینده شناسی گزرد
کوه و صحرا و بر و بحر و کراں چیزے نیست

دانشِ مغربیاں ، فلسفهٔ مشرقیاں
همه بتخانه و در طوفِ بتاں چیزے نیست

از خود اندیش و ازیں بادیه ترساں مگزر
که تو هستی و وجودِ دوجهاں چیزے نیست

در طریقے[1] که بنوکِ مژه کاویدم من
منزل و قافله و ریگِ رواں چیزے نیست!

۱ بمعنی راسته

۵۲

مئے دیرینہ و معشوقِ جواں کچھ بھی نہیں
اہل دیدہ کے لئے حور و جناں کچھ بھی نہیں

جس کو تو سمجھا ہے پایندہ ، ہے فانی یکسر
کوہ و صحرا و بر و بحر و کراں کچھ بھی نہیں

دانشِ مغربیاں ، فلسفۂ مشرقیاں
سب ہی بتخانے ہیں یہ طوفِ بتاں کچھ بھی نہیں

ہو خود اندیش اور اس دشت سے بے خوف گزر
کہ فقط تو ہے ، وجودِ دو جہاں کچھ بھی نہیں

راستہ طے جو کیا نوکِ مژہ سے ، اس میں
منزل و قافلہ و ریگ رواں کچھ بھی نہیں!

۵۳

قلندران که به تسخیرِ آب و گل کوشند
ز شاه باج ستانند و خرقه می پوشند

بجلوت اند و کمندے به مهر و ماه پیچند
بخلوت اند و زمان و مکاں در آغوشند!

بروزِ بزم سراپا چو پرنیان و حریر
بروزِ رزم خود آگاه و تن فراموشند

نظامِ تازه بچرخِ دو رنگ می بخشند
ستاره هاے کہن را جنازه بر دوشند!

زمانه از رخِ فردا کشود بندِ نقاب
معاشراں همه سر مستِ بادۂ دوشند

بلب رسید مرا آں سخن که نتواں گفت
بحیرتم که فقیهانِ شهر خاموشند!

۵۳

قلندر رہتے ہیں تسخیر آب و گل میں پیہم کوش
وہ شہ سے باج لیتے ہیں مگر ہوتے ہیں خرقہ پوش

کمندیں پھینکتے ہیں مہر و مہ پر جب ہوں جلوت میں
ہیں خلوت میں زمانوں اور مکانوں کے لئے آغوش

ہوں بزم آرا تو مثلِ پرنیاں وہ نرم ہوتے ہیں
ہوں رزم آرا تو خود آگہ مگر تن کا نہ رکھیں ہوش

نظامِ نو عطا کرتے ہیں افلاکِ دو گونہ کو
وہ فرسودہ ستاروں کے جنازے ہیں لئے بردوش!

زمانے نے نقاب الٹی رخِ زیبائے فردا سے
مرے ہمسر مگر اب تک ہیں سرمستِ شرابِ دوش

مرے لب پر وہ بات آئی جسے کہنا نہیں ممکن
میں حیراں ہوں فقیہِ شہر ہے کس واسطے خاموش

۵۴

دو دسته تیغم و گردون برهنه ساخت مرا
فسان کشید و بروے زمانه آخت مرا

من آن جهانِ خیالم که فطرتِ ازلی
جهانِ بلبل وگل را شکست و ساخت مرا

مئے جوان که به پیمانهٔ تو می ریزم
ز راوقے است که جام و سبو گداخت مرا

نفس به سینه گدازم که طائرِ حرمم
تواں ز گرمئ آوازِ من شناخت مرا

شکست کشتئ ادراکِ مرشدانِ کهن
خوشا کسے که بدریا سفینه ساخت مرا!

۵۴

میں ہوں تیغِ دو دستہ جسکو گردوں نے کیا عریاں
لگایا سان پر مجھ کو ، اٹھایا پھر سرِ دوراں

ہوں وہ عالم خیالوں کا ، ازل میں دستِ فطرت نے
جہانِ بلبل و گل توڑ کر میرا کیا ساماں

ترے ساغر میں میں نے جو مے نو خیز ڈالی ہے
گداز آس نے کیے ہیں میرے جام و مینا ، شعلہ ساں

میں طائر ہوں حرم کا ، ہے نفس سیال سینے میں
مری آواز کی گرمی سے ہوتا ہے مرا عرفاں

پرانے مرشدوں کی کشتئ ادراک ٹوٹی ہے
خوشا وہ جو سفینے کو مرے دریا میں ہے گرداں!

۵۵

مثل شرر ذره را تن به تپیدن دهم
تن به تپیدن دهم ، بالِ پریدن دهم!

سوزِ نوایم نگر ! ریزهٔ الماس را
قطرهٔ شبنم کنم خوے چکیدن دهم!

چون ز مقامِ نمود نغمهٔ شیرین زنم
نیم شبان صبح را میلِ دمیدن دهم!

یوسفِ گم گشته را باز کشودم نقاب
تابه تنک مایگان ذوقِ خریدن دهم!

عشقِ شکیب آزما خاکِ ز خود رفته را
چشمِ ترے داد و من لذتِ دیدن دهم!

۵۵

میں ذرے کو شرر صورت ، تپش کا ساز دیتا ہوں
دلِ بے تاب دیتا ہوں ، پرِ پرواز دیتا ہوں

مرے سوزِ نوا سے ریزۂ الماس پانی ہے
میں جُوں شبنم تراوش کا آسے انداز دیتا ہوں

مقامِ خود نمائی سے جو نغمہ ریز ہوتا ہوں
سحر کو نیم شب پرتاخت کا اعجاز دیتا ہوں

اٹھایا میں نے روے یوسفِ گم گشتہ سے پردہ
میں بے زر کو خریداری کا ذوق وساز دیتا ہوں

دیا ہے عشق نے جو دیدۂ تر خاکِ بے خود کو
میں اس کو لذتِ چشمِ نظارہ باز دیتا ہوں

۵۶

خودی را مردم آمیزی دلیلِ نارسائی ها!
تو اے درد آشنا بیگانه شو از آشنائی ها!

بدرگاهِ سلاطیں تا کجا ایں چہرہ سائی ها
بیا موز از خدائے خویش نازِ کبریائی ها!

محبت از جوانمردی بجائے می رسد روزے
که افتد از نگاهش کاروبارِ دلربائی ها!

چناں پیشِ حریمِ او کشیدم نغمهٔ دردے
که دادم محرماں را لذتِ سوزِ جدائی ها!

ازاں برخویش می بالم که چشمِ مشتری کوراست
متاعِ عشق نا فرسوده ماند از کم روائی ها

بیا بر لاله پا کو بیم و بیباکانه مے نوشیم
که عاشق را بحل کردند خونِ پا رسائی ها

برون آ از مسلماناں گریز اندر مسلمانی
مسلماناں روا دارند کافر ماجرائی ها!

۵۶

خودی کی مردم آمیزی نشاں ہے نارسائی کا
تو اے درد آشنا ، بیگانہ نہ ہو ہر آشنائی کا

رہے گی درگہِ سلطاں میں کب تک یہ جبیں سائی
سبق پڑھ خود خدا اپنے سے نازِ کبریائی کا

جواں مردی دلائیگی محبت کو مقام اپنا
نظر سے اُس کی گر جائے گا شیوہ دلربائی کا

حریمِ دوست کے باہر وہ میرا درد کا نغمہ
مزا سب محرموں کو دے گیا سوزِ جدائی کا

میں شاداں ہوں کہ میرے مشتری تھے بے بصر سارے
متاعِ عشق سالم ہے ، گلہ کیا کم روائی کا

کریں ہم رقص لالہ پر ، ہوے باکانہ مے نوشی
کہ عاشق کے لیے جائز ہے یہ خوں پارسائی کا

مسلمانوں کو تج کر آ ، مسلمانی میں داخل ہو
مسلماں ہو چکا گرویدہ کافر ما جرائی کا

۵۷

چوں چراغ لاله سوزم در خیابان شما
اے جوانانِ عجم جانِ من و جانِ شما!

غوطه ها زد در ضمیرِ زندگی اندیشه ام
تا بدست آورده‌ام افکارِ پنهانِ شما

مهر و مه دیدم نگاهم برتر از پرویں گزشت
ریختم طرحِ حرم در کافرستانِ شما!

تا سنانش تیز تر گردد فرو پیچیده‌مش
شعلهٔ آشفته بود اندر بیابانِ شما

فکرِ رنگینم کند نذرِ تهی دستانِ شرق
پارهٔ لعلے که دارم از بدخشانِ شما

می رسد مردے که زنجیرِ غلامان بشکند
دیده ام از روزنِ دیوارِ زندان شما

حلقه گردِ من زنید اے پیکرانِ آب و گل
آتشے در سینه دارم از نیاگانِ شما!

۵۷

چراغ لالہ ہوں ، زینت تمہارے ہی خیاباں کی
عجم والو ! قسم مجھ کو تمہاری اور مری جاں کی !

ضمیرِ زندگی میں فکر میرا دور تک اترا
مرے ہاتھ آئی تب دولت تمہارے فکرِ پنہاں کی

نظر میں مہر و مہ آئے نگہ پرویں سے گزری ہے
حرم کردی زمیں میں نے تمہارے کافرستاں کی !

میں لپٹا اس سے تا کہ نوک اس کی تیز تر کردوں
تھی آشفتہ تمہاری لَو ، تھی پالی گو بیاباں کی

دیا مشرق کے ناداروں کو میرے فکرِ رنگیں نے
وہ لعل اک جو امانت تھا تمہارے ہی بدخشاں کی

وہ آنے کو ہے توڑے گا جو زنجیریں غلاموں کی
خبر یہ ہے تمہارے روزنِ دیوار زنداں کی

مرے حلقہ میں آؤ ، پیکران آب و گِل مل کر
میرے سینے میں آتش ہے تمہارے ہی نیاگاں کی !

۵۸

دمِ مرا صنعتِ باد فرو دیں کردند
گیاه راز سر شکم چو یاسمیں کردند

نمودِ لالهٔ صحرا نشیں ز خوننانم
چنانکه بادهٔ لعلے بساتگیں کردند

بلندبال چنانم که برسپهرِ برین
هزار بار مرا نوریاں کمیں کردند

فروغِ آدمِ خاکی ز تازه کاری هاست
مه وستاره کنند آنچه پیش از یں کردند

چراغِ خویش برافروختم که دستِ کلیم
دریں زمانه نهاں زیرِ آستیں کردند

در آبسجده و یاری ز خسروان مطلب
که روزِ فقرنیاگانِ ماچنیں کردند

۵۸

نفس بخشا گیا[1] مجھ کو، ھو بادِ فرودیں جیسے
کرشمہ میرے اشکوں کا، گیا[1] ھو یاسمیں جیسے

مرے خوننابہ سے نکھری نمودِ لالۂ صحرا
شرابِ لعل گوں سے ھو بھرا اک ساتگیں[2] جیسے

مری پرواز کی رفعت سے نوری بو کھلائے ھیں
چھپا دیکھا ہے آن کو بار ھا بہرِ کمیں جیسے

عمل کی تازگی سے ہے فروغِ آدمِ خاکی
لگے ھیں اک ڈگر پر ماہ و اختر ھو ں مکیں جیسے

چراغ اپنا جلایا میں نے دیکھا جب زمانے میں
یدِ بیضا ھوا یوں، گم، ھو زیرِ آستیں جیسے

ھو محوِ سجدہ، شاھوں سے نہ ھو امداد کا طالب
کیا تھا روزِ فقر اسلاف نے بھی پاسِ دین جیسے

۱ گیا ـ گھاس ۲ ساتگیں ـ پیالہ

۵۹

گزر ازانکه ندیدست و جز خبر ندهد
سخن دراز کند ، لذتِ نظر ندهد

شینده ام سخنِ شاعر و فقیه و حکیم
اگرچه نخلِ بلند است برگ و بر ندهد!

تجلئی که برو پیرِ دیر می نازد!
هزار شب دهد و تابِ یک سحر ندهد

هم از خدا گله دارم که بر زبان نرسد
متاعِ دل برد و یوسفی به بر ندهد

نه در حرم نه به بتخانه یا بهم آن ساقی
که شعله شعله به بخشد شرر شرر ندهد!

۵۹

حذر اس کور دیدہ سے جو کچھ بھی جُز خبر نہ دے
بہت لسّان ہو لیکن تجھے ذوقِ نظر نہ دے

سُنا میں نے سخن ، شاعر ، فقیہ و فلسفہ داں کا
بہت اونچا ہے نخل آن کا مگر وہ برگ و بر نہ دے!

تجلی جس پہ پیرِ دیر اتنا ناز کرتا ہے
ہزاروں شب کی خالق ہے پہ تابِ یک سحر نہ دے

خدا سے مجھ کو شکوہ ہے ، زباں تک پر نہیں آتا
متاعِ دل تو لے جائے ، کوئی یوسف مگر نہ دے

حرم میں اور نہ بتخانہ میں پایا میں نے وہ ساقی
جو بخشے شعلہ پر شعلہ ، شرارے پر شرر نہ دے!

۶۰

دریں صحرا گزر افتاد شاید کاروانے را
پس از مدت شنیدم نغمه هاے سار بانے را

اگر یک یوسف از زندانِ فرعونے برون آید
بغارت می تواں دادن متاعِ کاروانے را!

٦٠

گزر شاید ہوا صحرا سے تازہ کار وانوں کا
سنا ہے بعدِ مدت میں نے نغمہ ساربانوں کا

جو اک یوسف کسی فرعون کے زندان سے نکلے
گوارا ہے لٹا دینا اثاثہ رہروانوں کا!

۶۱

ترا نادان امیدِ غم گساری ها ز افرنگ است؟
دلِ شاهین نسوزد بهرِ آن مرغے که درچنگ است

پشیماں شو اگر لعلے ز میراثِ پدر خواهی
کجا عیشِ برون آوردنِ لعلے که در سنگ است

سخن از بود و نابودِ جهاں با من چه می گوئی
من این دانم که من هستم ندانم این چه نیرنگ است

دریں میخانه هر مینا ز بیمِ محتسب لرزد
مگر یک شیشهٔ عاشق که ازوے لرزه بر سنگ است

خودی را پرده می گوئی ؟ بگو ! من باتو این گویم
مزن این پرده را چاکے که دامانِ نگه تنگ است

کهن شاخے که زیرِ سایهٔ او پر بر آوردی
چوں برگش ریخت ازوے آشیاں برداشتن ننگ است

غزل آں گو که فطرت سازِ خود را پرده گرداند
چه آید زاں غزل خوانے که با فطرت هم آهنگ است

۶۱

عبث امید ناداں ، بانٹ لیگا غم ترا افرنگ
دِل شاہیں دکھے کیوں بہرِ طائر جو ہے زیرِ چنگ

ہے وجہِ ننگ میراثِ پدر سے لعل کی خواہش
مزا تب ہے کہ حاصل ہو تجھے لعلِ درونِ سنگ

نہیں ہے بود و نابودِ جہاں سے مجھ کو دلچسپی
مجھے معلوم ہے،میں ہوں ، نہ جانے کیا ہے یہ نیرنگ

ہے خوفِ محستب سے میکدہ میں لرزاں ہر مینا
مگر عاشق کے مینا سے لرزتا رہتا ہے خود سنگ

خودی کو پردہ بے شک کہہ مگر یہ قول میرا سن
نہ کرنا چاک یہ پردہ کہ دامانِ نگہ ہے تنگ!

وہ ڈالی جس کے سائے میں نکالے بال و پر تو نے
ہو جب پت جھڑ، اٹھا لینا ہے اُس سے آشیانہ ننگ

غزل وہ کہہ کہ بدلے فطرت اپنے ساز کا پردہ
غزل خواں ہے وہ کس قابل جو فطرت سے ہے ہم آہنگ

۶۲

بگذر از خاور و افسونئ افرنگ مشو
که نیرزد بجوے این همه دیرینه و نو

چون پر کاه که در رهگذر باد افتاد
رفت اسکندر و دارا و قباد و خسرو

زندگی انجمن آرا و نگہدار خود است
اے که در قافلهٔ بے همه شو با همه رو

تو فروزنده تر از مهر منیر آمدهٔ
آنچنان زی که بهر ذره رسانی پر تو!

آن نگینے که تو با اهرمنان باختهٔ
هم بجبریل امینے نتوان کرد گرو

از تنک جامئ ما میکده رسوا گردید
شیشهٔ گیر و حکیمانه بیاشام و برو

٦٢

نہ ہو گرویدۂ مغرب ، نہ ہو مشرق کا تو پیرو
کہ اک جوَ کے برابر بھی نہیں دیرینہ ہو یا نو

ہو جیسے تنکا کوئی رہ گزارِ باد میں گرداں
گئے اسکندر و دارا ، گئے جمشید و کیخسرو

ہے ہستی انجمن آرا ، نگہباں بھی ہے خود اپنی
شریکِ قافلہ ! دے ساتھ سب کا ، پر ہو تنہا رو

تو ہے خورشیدِ عالم تاب سے بڑھکر فروزندہ
بسر کریوں کہ ہر اک ذرے تک پہنچے ترا پرتو !

نگینہ جو تو ہار آیا ہے شیطاں کے مریدوں کو
نہیں کر سکتے جبریلِ امیں کے پاس بھی وہ گرو

ہمیں کم حوصلہ نکلے ، کیا میخانے کو رسوا
ہو مے آشام مینا سے حکیمانہ بہ عزمِ نو

۶۳

جهانِ رنگ و بو پیدا تو می گوئی که راز است این
یکے خود را بتارش زن که تو مضراب و ساز است این

نگاهِ جلوه بدمست از صفائے جلوه می لغزد
تو می گوئی حجاب است این نقاب است این مجاز است این!

بیا در کش طنابِ پرده هائے نیلگونش را
که مثلِ شعله عریان بر نگاهِ پاک باز است این

مرا این خاکدانِ من ز فردوسِ برین خوشتر
مقامِ ذوق و شوق است این حریمِ سوز و ساز است این!

زمانے گم کنم خود را زمانے گم کنم او را
زمانے هردو را یابم! چه راز است این! چه راز است این!

۶۳

ظاهر دنیا رنگ و بو کی ، تو کہتا ہے کہ راز ہے یہ
اس کے تار پہ خودھی گرجا ، تو مضراب ہے ساز ہے یہ

مست صفائے جلوہ سے ہے آپ نگاہِ جلوہ بھی
کہتا ہے تو کہ حجاب ہے یہ ، کہتا ہے تو کہ مجاز ہے یہ !

کھینچ طناب اک جنبش سے تو اس کے نیلگوں پردوں کی
نگہ اگر پاکیزہ ہو ، جوں شعلہ جلوہ باز ہے یہ

عرش بریں سے افضل ہے یہ خاکی بستی میرے لیے
ہے یہ مقامِ ذوق و شوق اور بزمِ سوز و ساز ہے یہ !

اپنے آپ کو کھویا کبھی ، کھویا ہے اس کو میں نے کبھی
ہر دو کبھی پا لیتا ہوں ، حیراں ہوں میں کیا راز ہے یہ !

۶۴

از داغِ فراقِ او در دل چمنے دارم
اے لالۂ صحرائی ! با تو سخنے دارم

ایں آہِ جگرسوزے در خلوتِ صحرا بہ
لیکن چہ کنم کارے با انجمنے دارم!

داغِ فراقِ یار سے دل ہے چمن مثال
کہنا ہے مجھ کو لالۂ صحرا سے اپنا حال

طالب ہے خلوتوں کی مری آہِ سینہ سوز
لیکن بچھا ہے گرد مرے انجمن کا جال

۶۵

به نگاهِ آشنائے چو درونِ لاله دیدم
همه ذوق و شوق دیدم همه آه و ناله دیدم

به بلند و پستِ عالم تپشِ حیات پیدا
چه دمن چه تل چه صحرا رمِ این غزاله دیدم!

نه به ماست زندگانی! نه زماست زندگانی!
همه جاست زندگانی! زکجا ست زندگانی!

۶۵

جو نگاہِ محرمانہ سے دیکھا درونِ لالہ
ہمہ ذوق و شوق پایا، تھا سراپا آہ و نالہ

بہ بلند و پستِ عالم تب و تابِ زندگی ہے
ہے جہاں کے گوشہ گوشہ میں خراماں یہ غزالہ!

نہ وہاں سے زندگانی، نہ یہاں سے زندگانی!
سرِ گیتی آکے چھائی ہے کہاں سے زندگانی!

٦٦

ایں ہم جہانے آں ہم جہانے
ایں بیکرانے آں بیکرانے!

ہر دو خیالے ہر دو گمانے
از شعلۂ من موجِ دخانے!

ایں یک دو آنے آں یک دو آنے
من جاودانے ، من جاودانے!

ایں کم عیارے آں کم عیارے
من پاک جانے نقدِ روانے!

ایں یک دو آنے آں یک دوآنے
ایں جا زمانے آنجا زمانے

٦٦

یہ بھی جہاں ہے وہ بھی جہاں ہے
یہ بے کراں ہے وہ بے کراں ہے!

ہر ایک نقشِ وہم و گماں ہے
شعلے مرے کی موجِ دخاں ہے!

یہ لحظہ بھر ہے وہ لحظہ بھر ہے
یہ خاک زادہ ہی جاوداں ہے!

میزاں میں یہ کم میزاں میں وہ کم
جاں پاک میری نقدِ رواں ہے!

یہ بھی سرا ہے وہ بھی سرا ہے
یاں اک زماں ہے واں اک زماں ہے

ایں جاچه کارم آنجا چه کارم؟
آہے فغانے آہے فغانے

ایں رهزنِ من آں رهزنِ من
ایں جا زیانے آنجا زیانے
هر دو فروزم هر دو بسوزم
ایں آشیانے آں آشیانے!

یاں کام میرا واں کام میرا
آہ و فغاں ہے ، آہ و فغاں ہے

یہ میرا رھزن ، وہ میرا رھزن
اس جا زیاں ہے ، آس جا زیاں ہے

ھر دو اجالوں ، ھر دو جلاؤں
یہ آشیاں ہے ، وہ آشیاں ہے!

٦٧

بهار آمد نگه می غلطد اندر آتشِ لاله
هزاران ناله خیزد از دلِ پر کاله پرکاله!

فشان یک جرعه بر خاکِ چمن از بادهٔ لعلے
که از بیمِ خزان بیگانه روید نرگس و لاله

جهانِ رنگ و بو دانی ولے دل چیست، می دانی؟
مهے کز حلقهٔ آفاق سازد گردِ خود هاله!

٦٧

بہار آئی نگہ دوڑی درونِ آتشِ لالہ
ہزاروں نالے ہیں اور دل مرا پرکالہ پرکالہ !

گرا خاکِ چمن پر بادۂ لعلیں کا اک جُرعہ
کہ آگنے میں بلا خوفِ خزاں ہوں نرگس و لالہ

جہانِ رنگ و بو کو جانتے ہو، دل کو بھی جانو
یہ مہ ہے، حلقۂ آفاق جس کے گرد ہے ہالہ !

۶۸

صورت گرے که پیکر روز و شبِ آفرید
از نقشِ این و آن به تماشاے خود رسید

صوفی ! برون ز بنگۂ تاریک پابنه
فطرت متاعِ خویش بسودا گری کشید!

صبح و ستاره و شفق و ماه و آفتاب
بے پرده جلوه ها بنگا ہے توان خرید!

٦٨

طرح ڈالی ہے جس نے روزوشب کی ، وہ صنم آرا
جہاں کی نقش ریزی سے ہے کرتا اپنا نظارا

نکل اے صوفئ صافی تو اب تاریک حجرے سے
سرِ بازار لایا مال خود فطرت کا بنجارا !

شفق ہو ،صبحِ خنداں ہو ، مہ و خورشید و اختر ہو
ہو توفیقِ نظر تجھ کو تو ہر اک سے اٹھے پردا

باز این عالمِ دیرینه جوان می بائست
برگِ کاهش صفتِ کوهِ گران می بائست

کفِ خاکے که نگاهِ همه بیں پیدا کرد
در ضمیرش جگر آلوده فغان می بائست

این مه و مهرِ کن راه بجائے نه برند
انجمِ تازه به تعمیرِ جهان می بائست

هر نگارے که مرا پیشِ نظر می آید
خوش نگارے است ولے خوشتر ازان می بائست

گفت یزداں که چنین است ودگر ، هیچ مگو
گفت آدم که چنیں است و چناں می بائست!

۶۹

اک بار پھر یہ عالمِ فرسودہ جواں ہو
تنکا بھی اس کا مرتبے میں کوہِ گراں ہو

جس مشتِ خاک کو ملی ہے چشمِ جہاں بیں
اس کے ضمیر میں جگر آلودہ فغاں ہو

ان کہنہ مہر و ماہ کی منزل نہیں کوئی
پھر انجمِ نوخیر سے تعمیرِ جہاں ہو

ہے خوب ہر نگار جو پیشِ نظر رہا
زیبا تر اس سے اور اک محبوب عیاں ہو

فرمانِ حق تھا، چپ رہو، جو ہے سو ہے، یہاں
انساں مگر یہ کہہ اٹھا، اک تازہ جہاں ہو!

۷۰

لالهٔ ایں گلستاں داغِ تمنائے نداشت
نرگسِ طنّازِ او چشمِ تماشائے نداشت

خاک را موجِ نفس بود و دلے پیدا نبود
زندگانی کاروانے بود و کالائے نداشت

روزگار از هائے و هوئے میکشاں بیگانهٔ
باده در میناش بود و باده پیمائے نداشت

برقِ سینا شکوه سنج از بے زبانی هائے شوق
هیچ کس در وادیٔ ایمن تقاضائے نداشت!

عشق از فریادِ ما هنگامه ها تعمیر کرد
ورنه ایں بزمِ خموشاں، هیچ غوغائے نداشت!

۷۰

گلشن کے لالہ دل میں داغِ تمنا کوئی نہ تھا
نرگسِ شہلا کے دیدہ میں ذوقِ تماشا کوئی نہ تھا

خاک میں موجِ نفس ساری تھی لیکن دل سے یہ عاری تھی
قافلۂ ہستی گرچہ رواں تھا، اس کا کالا[1] کوئی نہ تھا

بادہ کشوں کے نعروں سے بیگانہ رہا تھا دورِ زماں
لبریز تھا مے سے آسکا مینا، بادہ پیما کوئی نہ تھا

برقِ سینا کو یہ گلہ تھا شوق ہے کیوں محرومِ زباں
وادیٔ ایمن کی وسعت میں اہلِ تقاضا کوئی نہ تھا

عشق ہماری فریادوں سے کرتا رہا ہنگامے بپا
ورنہ یہ تھی بزمِ خموشاں اس میں غوغا کوئی نہ تھا!

۱ کالا ۔ سامان

۷۱

هنگامه را که بست درین دیرِ دیر پائے ؟
زنّاریانِ او همه نالنده هم چوناے!

در بنگهٔ فقیر و بکاشانهٔ امیر
غمها که پشت را بجوانی کند دوتاے

درماں کجا که درد بدرماں فزوں شود
دانش تمام حیله و نیرنگ و سیمیاے

بے زورِ سیل کشتئی آدم نمی رود
هر دل هزار عربده دارد به ناخداے

از من حکایتِ سفرِ زندگی مپرس
در ساختم بدرد و گزشتم غزل سراے

آمیختم نفس به نسیمِ سحر گهی!
گشتم دریں چمن به گلاں نا نهاده پاے

از کاخ و کو جدا و پریشاں بکاخ و کُوے
کردم بچشمِ ماه تماشاے ایں سراے !

۷۱

ہنگامہ کس نے دیرِ کہن میں کیا بپا ؟
نالے پجاریوں کے ہیں از ارض تا سما!

کاشانۂ امیر میں ، دارِ فقیر میں
غم ایسے ہیں جو پشتِ جواں کو کریں دوتا

درماں کہاں ، دوا سے اگر درد ہو فزوں
دانش تمام حیلہ و نیرنگ و سیمیا

بے زورِ سیل کشتئ آدم نہ چل سکے
ہر دل کی سعی ہے یہی راضی ہو ناخدا

مجھ سے حکایتِ سفرِ زندگی نہ پوچھ
میں نے نبھائی درد سے ، گزرا غزل سرا

میں نے نفس نسیمِ سحر میں ملا دیا!
گزرا ہوں یوں چمن سے نہیں پھول زیرِ پا

آوارہ کاخ وکوُ میں، الگ کاخ و کو سے ہوں
دیکھی ہے چشمِ ماہ سے میں نے یہ غم سرا!

۷۲

اے لاله اے چراغِ کهستان و باغ و راغ
در من نگر که می دهم از زندگی سراغ

ما رنگِ شوخ و بوے پریشیده نیستم
مائیم آنچه می رود اندر دل و دماغ

مستی ز باده می رسد و از ایاغ نیست
هر چند باده را نتوان خورد بے ایاغ

داغے بسینه سوز که اندر شبِ وجود
خود را شناختن نتوان جز بایں چراغ

اے موجِ شعله ، سینه به بادِ صبا کشاے
شبنم مجو که می دهد از سوختن فراغ!

۷۲

اے لالہ! اے چراغِ کہستان و باغ و راغ
دیکھو مجھے کہ دیتا ہوں ہستی کا میں سراغ

اک رنگِ شوخ و بوئے پریشاں نہیں ہیں ہم
ہم وہ ہیں جو رواں ہے درونِ دل و دماغ

مستی شراب سے ہے، نہیں ہے ایاغ سے
ممکن نہیں ہے میکشی ہر چند بے ایاغ

اک داغ سینہ میں جلا، ہستی کی رات میں
پہچان اپنی کے لئے لازم ہے یہ چراغ

اے موجِ شعلہ سینہ کشا ہو صبا کے رُخ
شبنم نہ کر طلب کہ جو دے سوز سے فراغ!

۷۳

من بندهٔ آزادم عشق است امامِ من
عشق است امامِ من عقل است غلامِ من

هنگامهٔ این محفل از گردشِ جامِ من
این کوکبِ شامِ من این ماهِ تمامِ من

جاں در عدم آسوده بے ذوقِ تمنا بود
مستانه نوا ها زد در حلقهٔ دامِ من

اے عالمِ رنگ و بو این صحبتِ ما تاچند
مرگ است دوامِ تو عشق است دوامِ من!

پیدا بضمیرم او پنهاں بضمیرم او
این است مقامِ او دریاب مقامِ من!

۷۳

فطرت مری آزاد ہے ، عشق مرا امام ہے
عشق مرا امام ہے ، عقل مری غلام ہے

رونقِ بزم کا سبب ، گردش ہے میرے جام کی
یہ مرا اخترِ مساء ، میرا مہِ تمام ہے

جاں تھی عدم میں بے تپش ، تھا جو نہ ذوقِ آرزو
مست ہے آس کی اب نوا ، میری اسیرِ دام ہے

عالمِ رنگ و بو تری کب تک یہ مجھ سے صحبتیں
تیرا دوام مرگ ہے ، عشق مرا دوام ہے

میرے ضمیر میں عیاں ، میرے ضمیر میں نہاں
اس کے مقام سے سمجھ میرا بھی کیا مقام ہے

۷۴

کم سخن غنچه که در پردهٔ دل رازے داشت
در هجومِ گل و ریحان غمِ دمسازے داشت

محرمے خواست ز مرغِ چمن و بادِ بهار
تکیه بر صحبتِ آن کرد که پروازے داشت!

۷۴

غنچۂ کم سخن کے دل کی تہہ میں ایک راز تھا
ریحان و گل تھے جا بجا، اُس کو غمِ دمساز تھا

یہ چاہا محرم اُس کے ہوں، مرغِ چمن بادِ بہار
تکیہ کیا اُن پر کہ جن کا کام ہی پرواز تھا!

۷۵

خود را کنم سجودے دیر و حرم نمانده
این در عرب نمانده آن در عجم نمانده

در برگِ لاله و گل آن رنگ و نم نمانده
در ناله هاے مرغان آن زیر و بم نمانده

در کار گاهِ گیتی نقشِ نوی نه بینم
شاید که نقشِ دیگر اندر عدم نمانده

سیاره هاے گردون بے ذوقِ انقلابے
شاید که روز و شب را توفیقِ رَم نمانده!

بے منزل آرمیدند پا از طلب کشیدند
شاید که خاکیان را در سینه دم نمانده

یا در بیاضِ امکان یک برگِ ساده نیست
یا خامهٔ قضا را تابِ رقم نمانده

۷۵

سجدہ کروں میں خود کو ، دیر و حرم نہیں ہے
مفقود یہ عرب سے ، وہ در عجم نہیں ہے

اب برگِ گل کے رخ پر وہ رنگ و نم نہیں ہے
نالوں میں طائروں کے وہ زیر و بم نہیں ہے

گیتی کی کارگہ میں دیکھا نہ نقشِ تازہ
نقشِ دگر کا حامل شاید عدم نہیں ہے

حالت بدلنا بھولے سیارے آسماں کے
شاید کہ روز و شب کو توفیقِ رم نہیں ہے

منزل بغیر ٹھیرے ، پاؤں طلب سے روکے
شاید کہ خاکیوں کے سینہ میں دم نہیں ہے

خالی بیاضِ امکاں میں یا ورق نہیں اب
یا خامۂ قضا میں تابِ رقم نہیں ہے!

اغلاط نامہ

صفحہ	شعر	غلط	صحیح
۲	۱	مئے	می
۲۵	۴	ترے	تیرے
۳۲	۵	خاک بر	خاک را بر
۳۵	۲	دامے	دانے
۷۲	۴	ترسیدن	نرسیدن
۷۶	۱	ھوامے	وامے
۹۱	۳	نہ ترکش سے گر نکلا	ترکش سے نہ گر نکلا
۱۰۸	۴	زادۂ	زدۂ
۱۱۲	۳	بسرو! زندی	بسرود! زندگی
۱۱۲	۴	بشگت	بگشت
۱۳۱	۳	ہوں	ہو
۱۳۵	۴	کہ	کہہ
۱۴۲	۴	قومیت	قومے است
۱۴۸	۳	فرد	فرو
۱۴۹	۲	پائے گا تو	پائے تو
۱۶۰	۴	نتیساں	نیستاں
۱۷۲	۵	گفتش	گفتمش
۱۷۳	۵	زیر زبر	زیر و زبر
۱۷۹	۵	نجم	بخم
۱۹۴	۶	اندر	اند
۱۹۹	۲	گنبشد	گنبد
۲۰۴	۴	موسئے	مومنے دارد گمان
۲۳۱	۱	جہان	جہاں
۲۷۶	۳	این	ایں